یعنی

شرح سفرنامجات شاہ ایران

معہ

ضمیمہ موسوم بہ پسا چین

کہ سفرنامون علاوہ اہل ایران کی تصنیفات حال کے لغات اور محاورات مستعمل کی فرہنگ ہے

جسکو مولوی ابو الحمید فرخی پروفیسر مدرسۂ عالیہ ریاست رامپور نے

اعلیحضرت نواب محمد مشتاق علیخان بہادر

رئیس رامپور دام اقبالہم کے مسند ریاست پر جلوس فرمانے کی یادگار مین تصنیف کیا

اور بہ سرپرستی وحمایت قدردان اہل فضل وبلاغت وکمال مروج علوم واشاعت زبان مروجہ حال

جناب وزارت پناہ **جنرل محمد عظیم الدینخان بہادر** مدارالمہام ریاست رامپور

مصنف نے ہندوستانی طلبہ کے استفادہ کے واسطے شائع کیا

مطبع مطلع العلوم مراداباد مین باہتمام منشی محمد امجد علی چھاپی گئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باری سبحانہ تعالی کی حمد اور شکر کون ادا کرسکتا ہے جس نے انسان ضعیف البنیان
کو جوہر عقل اور علم موجودات عطا فرما کر تمام مخلوقات پر سرفرازی بخشی عقل کو جلا
حاصل ہونیکا ذریعہ علم اصناف ملل اور علم کو مدارج کمال پر پہنچانیکا وسیلہ فرمان
سیروا فی الارض پر عمل مقرر فرمایا تاکہ روح انسانی زنگ جہالت سے صیقل
پاکر صانع حقیقی کی عظمت و جلال کا ادراک کرسکے اور مختلف طوائف بنی آدم باہم
ربط و اختلاط پیدا کرنے کے بعد ایک دوسری کی اعانت و دستگیری میں مصروف
رہکر خداوند عز اسمہ کی وسیع و فراخ زمین پر بغیر شر و فساد سکونت کریں —

فرائض ہمدردی کی تعلیم اور تکوین عالم و آدم کا منشا سمجھانیکو سیاحان عرصہ
عرفان کبریائی یعنی انبیا علیہم السلام کو مامور فرمایا کہ اونکی تعلیم صادق کی
برکت سے بنی آدم کو مدنی الطبع پیدا فرمانیکا مفاد دریافت کرنے کے بعد
باہم دوست اور ایک دوسرے کے ممد و معاون ہو کر اس نعمت عظمی کا
شکر یعنی بذل و عطائی نعمت کو ذریعے سے بجا لائین کیونکہ حصول ہر نعمت کے
بعد اوسکا جزو اوسکی زکوٰۃ اور ہر فائدے سے مستفید ہونے پر وہی فائدہ
حاجتمند وں کو پہونچانا اوس عطیہ منعم حقیقی کا شکر ادا کرنا ہے اسی قسم کو افعال
و اعمال دنیا مین تمدن اور قومی ہمدردی کہلاتے ہین - چنانچہ جسوقت
یہ امر مشہور ہوا کہ گورنمنٹ پنجاب کے کل مدرسون مین سیاحت نامجات شاہ ایران
داخل کورس اور انگریزی زبان کے ساتھ جو مشرقی زبانین سکھائی جاتی
ہین اونمین فارسی کا جزو اعلی قرار دئے گئے ہین اور سرکار آصفیہ یعنی گورنمنٹ
حیدر آباد دکن اور مدرسۃ العلوم علیگڈھ مین بھی کتاب مذکور داخل
ورس ہے لیکن اوس کے نوسفر مین لغات اور تازہ محاورات کی کوئی شرح اور فرہنگ
نہونے کے باعث طلبہ کو ادراک مطالب اور علما کو تبیین معانی مین دقت
واقع ہوتی ہے - اور ابتک باوجود اس امر کی شہرت کے کہ گورنمنٹ عالیہ ایسی
تصانیف کی قدرشناس ہی نہین بلکہ خواہشمند بھی ہے کسی نے کتاب مذکور کی
فرہنگ اور شرح لکھنے پر مبادرت نہین کی اور ابتک اتفاق نہین ہوا کہ کسی

فاضل نے اپنے ہموطن بھائیونکی خدمتمین اس کارآمد اور ضروری تصنیف کے ذریعہ سے اظہار ہمدردی کیا ہو لہذا حسب اشارت فیض بشارت جناب مستطاب نواب والا و اعظم طبقہ اعلای ہندوستان شیر قیصر ہند فرزند دلبند دولت انگلشیہ حاجی حرمین شریفین خادم حضرت ختمی پناہی غفران مآب علیین مکان اعلحضرت خلد آشیانی نواب محمد کلب علیخان بہادر انار اللہ برہانہ" حقیر نے اس کتاب کو بتاریخ بست ہفتم ذی الحجہ سنہ ۱۳۰۱ ہجری مطابق بست و سیوم اکتوبر ۱۸۸۴ عیسوی یوم السبت مبارک کو مرشد زادہ آفاق جناب نواب محمد مشتاق علیخان بہادر دام اقبالہم کے خلعت ولیعہدی سے مشرف ہونے کے ساعت بہ ایں غرض کہ اس تقریب ہمایونکی یادگار قایم ہے لکھنا شروع کیا۔ اس کتاب کے مبارک و مسعود ہونیکی دلیل یہ عجیب و غریب حسن اتفاق شاہد ہے کہ خلعت ولیعہدی اسکی ابتدا اور مسند نشینی تکمیل ہوئی۔ چنانچہ آج بست و پنجم مارچ ۱۸۸۷ عیسوی مطابق بست و ہشتم جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۴ ہجری روز جمعہ ساعت ہفت ہنگام طلوع نیر صبح سعادت و اقبال میں اوس مبارک ساعت میں جس وقت کہ جناب ہلال رکاب ظل الٰہی امیر الانام نواب محمد مشتاق علیخان بہادر خلد اللہ ملکہم نے مسند ایالت و فرمانروای ریاست مصطفیٰ آباد عرف رامپور پر جلوس فرمایا فیض ابدی کا چشمہ بھی خلعت تکمیل سے آبرو پاکر کامل و مکمل ہوا اور اس نادر مصر شرح نے

حضور پرنور کے جلوس کی یادگار قایم ہونے سے برکت و سعادت پائی پہلا
فیض روحانی ہے جو حضور ممدوح کے جلوس کی تہنیت میں جاری ہوتا ہے
اور اس فرحت و انبساط کے شکریہ میں تمام اہل ہندوستان کی روحانی
ضیافت کیجاتی ہے جسکا حظ بہ فضل الٰہی ہمعصر اہل ملک اور نیز قیامت تک
آنیوالی روحوں کو حاصل ہوتا رہیگا اور اسکے مزے کی ابدی چاشنی اہل دانش
کو مذاق سے کبھی معدوم نہوگی۔ برادران ہم وطن سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ
سے دعا کریں کہ جب تک صفحۂ روزگار پر علم و عمل کا چرچا رہے اور منشی
جریدۂ تکوین کا قلم قدرت رقم اوراق ایام پر مداد لیالی سے کشش کہکشاں
اور دایرہ آفتاب و ماہتاب کو نقطہ ہای نجوم سے زر افشان فرمائے حضور
والا کی عمر و دولت کو ترقی اور فرمان قضا جریان کو دیباچہ مشرق سے
خاتمۃ الباب مغرب تک روانی ہو۔ آمین

العبد

عقیدت کیش محمد عبد الرحمن خان المخاطب ابو محمد فرخی

صدوزئی

پروفیسر مدرسۂ عالیہ ریاست رامپور

یادداشت

غیر ملک کی زبان سے کوئی لفظ کسی قدر تغیر و تصرف کے بعد عربی مین داخل کرلینے کو تعریب کرنا اور فارسی مین استعمال کرنیکو مفرس کرنا کہتے ہین اہل عرب نے یہ طریقہ اسلیے نکالا ہو کہ اپنی زبان ممالک غیر کی زبانون کے ساتھ مخلوط ہونے نپائے کیونکہ اگر غیر زبان کو لغت کو اصلی حالت پر استعمال کرتے تو زبان عربی بھی اردو کیطرح ایک نئی طرز پیدا کرکے پایہ فصاحت و امتیاز عربیت سے ساقط ہوجاتی اور صدہا زبانونکی آمیزش سے ایک معجون مرکب اور مجموعہ کا عطر بنجاتی اس خیال سے غیر زبانون کے الفاظ کو قدرے تغیر و تصرف کے بعد اوسکی صورت عربی سے مشابہ بنا کر معرب کرلینے کیوجہ مذکورہ بالا خرابی سے محفوظ رہنے کے سوا ایک فائدہ یہ بھی ہوا کہ زبان عربی کو ہزارہا الفاظ معرب کے ملجانے سے وسعت و ترقی حاصل ہوئی اور روز بروز زیادہ فصیح ہوتی گئی ملک فارس چونکہ ہر امر مین عرب کا پیرو ہے اسلیے قاعدہ مذکورہ کو اہل ایران نے بھی اختیار کیا اور غیر زبانون کے الفاظ مفرس ہوکر فارسی مین بھی استعمال ہونے لگے اہل دانش کو اس امر پر بھی خیال رکھنا چاہیے کہ الفاظ کو مفرس کرنیکا ایک ہی قاعدہ نہین ہے بلکہ مختلف طور پر عمل کیا جاتا ہے کبھی قدرے تغیر کے بعد تحویل لغات ہوجاتی ہو کہین پورا تصرف کرتے ہین کبھی بعض الفاظ بجنسہ اپنی حالت پر رہکر محض لہجہ کی تبدیل سے مفرس ہوجاتے ہین چنانچہ اسکی مثال انگریزی مین بعض انگریزی بنائے ہوے الفاظ فارسی سے جو اپنی پہلی حالت پر صرف تغیر حرکات سے استعمال کیے گئے ہین ظاہر ہے

جیسا کہ باور کو مادر اور پدر کو فادر اور برادر کو برادر اور یاسمن کو جاسمن تندر کو
تھنڈر اور پیکر کو پکچر زعفران کو سافران بنایا ہے ان میں سے بعض میں تو
صرف لہجہ ہی کا تغیر ہوا ہے یعنی اپنی حالت پر باقی ہے اور بعض میں بہت کم یعنی ایک
دو حرف یا حرکات کا تغیر ہے اسی طرح اعلحضرت شاہ ایران خلد اللہ ملکہم نے بھی بکمال
حذاقت و دانائی جو اونکی ذات والا صفات میں صد ہا کمالات صوری و معنوی کے ساتھ
جمع کی گئی ہے۔ یورپ کی مختلف زبانوں کے الفاظ کو انگریزی ہی زبان میں لاکے فرس
فرمایا ہے اگر ایسا نہوتا تو کبھی کسی محقق کو ایک لفظ کا بھی پتہ نہ لگتا چنانچہ بعض قاعدے
تو ایسے منضبط فرماتے ہیں کہ اونکی ہمین تجاوز نہیں ہوا ہمیشہ کیواسطے ایک ہی قانون
مقرر ہوگیا مثلاً انگریزی کے حرف G اور جے J کو زا، فارسی سے جسکا تلفظ جیم عربی
سے ہے تبدیل فرمایا ہے اور حرف چے یعنی جیم فارسی CH کو شین معجمہ سے اور یہ
قاعدہ علماء سلف کا بھی تھا چنانچہ علامہ فیضی ابن شیخ مبارک نے جو انجیل مقدس
کا ترجمہ فارسی زبان میں سلطان جلال الدین محمد اکبر کے حکم سے میرزا سلیم یعنی نور الدین
جہانگیر بادشاہ کے پڑھنے کے واسطے گوا[1] کے پادریوں کی شراکت میں کیا تھا اوس میں
بھی چے کا بدلا شین منقوط اور لفظ کرائسٹ کو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اسم شریف
ہے کرستو اور جیسس کو جے جے تفرس کیا ہے جیسا اس شعر سے ظاہر ہے
ے اے نام تو جے جو کرستو ٭ سبحانک لا الہ یاہو ٭ اسکے سوا حرف انگریزی الیف
F کو واو اور حرف کیو Q کو قاف اور حرف یو U کو قاعدہ بینات سے یائے تحتانی
یعنی ملفوظی تلفظ کے ساتھ جسکو بینہ کہتے ہیں استعمال کیا ہے اور انگریزی دو حرف
مخلوط کے K اور ایچ H کو یعنی KH خائے معجمہ اور ایس SY زائے معجمہ اور حرف

[1] حاشیہ گوا دکھن میں ایک شہر پرتگیز کی حکومت سے متعلق ہے

ڈی D کو دال مہملہ اور حرف اکس X کو سین مہملہ یا سک اور حرف او O کو واو اور اے A کو
الف اور وی V کو ڈبلیو W کو واو اور آئی I کو یا معروف و مجہول کیجگہ قرار دیا ہے
بعض الفاظ میں تقدیم و تاخیر حروف واقع ہوئی ہے بعض میں حرف آخر کو ساقط کرنے سے مفرس
کیا ہے۔

فصل الف

اسکلہ بندر پر دریا کا پختہ گھاٹ یہ لفظ نیا مفرس ہوا ہے اسکی اصل انگریزی مین اسکیلیڈ تھی calad اسمین سے قاعدہ مذکورہ کے موافق آخر کے دو حرف یعنی ad اور ای گرا کر اور ای کی جگہ ہا رسکتہ داخل کرنے کے بعد اسکلہ بنایا ہے دریا کے کنارہ پر جو پختہ گھاٹ اور سیڑھیان کشتی مین سوار ہونے کے واسطہ تعمیر کرتے ہین وہ اسکلہ ہے۔

اِمپِراطور شہنشاہ۔ سلطان یہ لفظ زبان اطالیا سے عربی مین معرب ہوا ہے اصل مین امپراٹر Emperetes تھا

آجُودان میر تزک فوجی حاجب یعنی عرض بیگی مشیر و مصاحب جنگی یہ ایک عہدے کا نام ہے جو فی زماننا ہذا ایڈی کیمپ Aidde Camp نام سے مشہور ہے یہ لفظ انگریزی اڈجوٹنٹ Adjutant سے مفرس ہوا ہے

اجودان صدارت مشیر مددگار وزارت پرائوٹ سکرٹری وزارت میر تزک وزارت

آتاماژور سکرٹری میر تزک مشیر جنگی مددگار فوجی اسٹاف میجر اجودان اور آتاماژور ایک ہی عہدے کا نام ہے یہ لفظ اٹاٹ میجر Etat major سے جو ایک فرانسیسی عہدہ ہے مفرس ہوا ہے اتا اٹاٹ سے اور ماژور میجر کا مفرس ہے اسلیئے کہ اہل فارس حرف جیم ج اور جی ج کو ژا ر فارسی سے تبدیل کرتے ہین اور حرف e کیجگہ واو لاتے ہین اس بنا پر میجر کا مفرس ماژور ہوا۔

امیرال امیر البحر افسر کشتی ہای جنگی یہ لفظ اڈمرل Admiral سے مفرس ہوا ہے۔

اِسْتِکان بروزن اطمینان دستہ دار پیالہ دستہ دار گلاس یہ لفظ انگریزی سٹیکن Sticken سے مفرس ہوا ہے دستہ دار کے علاوہ جام گلاس کو جسمین چاء پی جاتی ہے استکان کہتے ہین اور یہ ظرف معروف و معمولی

کلاس کے خلاف خاص شکل پر ہوتا ہے۔

اِسکمناس آزمایش کرنیکا آلہ کسی چیز کے آزمایش کرنیکے کل فلزات مثل طلا و نقرہ کو وزن سے تمنا کی آزمایش سے کہوٹا کہرا جانچنے کا آلہ یہ لفظ انگریزی اگزمینیس Examiner سے مفرس ہوا ہے حرف اکس ex کو مقلوب کر لیا ہے۔

اِستاتو بت پتہر کی مورت صورت سنگی یہ لفظ انگریزی اسٹی ٹیو Statue سے مفرس ہوا ہے۔

الارم بروزن ندارم متنبہ کرنا اضطراب اور وغدغہ ڈالنا ڈرانا چونکانا نرسنگا بھونپا یہ انگریزی الرم Alarm سے مفرس ہوا ہے۔

استاسیون قیام گاہ ریل کا اسٹیشن مقام یہ لفظ انگریزی سٹیشن Station سے مفرس ہوا ہے

الکتریسیتہ مادہ برقی کشش کہربائی برقی کل باٹری یہ لفظ انگریزی الکٹرسٹی Electricity سے مفرس ہوا ہے۔

امپراطریس ملکہ بزرگ شہنشاہ بیگم یہ لفظ زبان اٹالیا امپراٹریس Empress سے مفرس ہوا ہے امپراٹر شہنشاہ کو کہتے ہیں سین علامت تانیث ہے۔

الماس برلیان الماس مشہور ہے ہیرے کو کہتے ہیں اور برلیان صفت ہے یعنی کنول بنا ہوا ہیرا منور چمکتا دمکتا تابان یہ لفظ بیرلینٹ Brilliant انگریزی سے مفرس ہوا ہے انگریزی میں کنول یعنی پہلو تراش ہیرے کو بریلینٹ ڈیمنڈ کہتے ہیں اس بنا پر اہل کوکن و سورت و بمبئی وغیرہ پہلو تراش نگینہ کو بلیان کہتے ہیں یہ شکل والی بہر پہلو دار ہوتی ہے اسکو دہلی والے تاورہ کہتے ہیں

امپیریال سکہ شاہنشاہی ایسا سکہ جیسپر کسی شہنشاہ کا نام سکہ ہو یہ لفظ انگریزی امپیریل سے Imperial مفرس ہوا ہے۔

اکاریوم جل گھر جل استھان پانی کا کمرہ پانی کا حوض جسمیں مچھلیاں وغیرہ آبی جانور پالتے ہیں یہ لفظ فرنچ اکوئیریم Aquariam سے مفرس ہوا ہے انگریزی میں یہ لفظ اسقدر فرق سے اسپیل ہوتا ہے Aquariam

اونی ورسیتہ بڑا مدرسہ جہاں تمام دنیا کے

علوم کا درس ہو اکتساب علم کیجگہ یہ لفظ انگریزی یونیورسٹی university سے مفرس ہوا ہے ۔

اَکٹ سوانگ بہروپ نقل تقلید بہتیر یعنی تماشا خانہ مین ڈرہا کے ہر ایک نقل کو ایکٹ کہتے ہین یہ لفظ انگریزی ایکٹ Act سے مفرس ہوا ۔

اَکٹا نقل تقلید سوانگ بہروپ یہ لفظ بھی ایکٹ مذکورہ بالا سے بنا ہے تا ر فوقانی کی جگہ دال مہملہ ہے ۔

آرسینال توپخانہ توپوں کا مسکن یہ لفظ انگریزی آرسینل Arsenal سے مفرس ہوا ۔

اَپرا اوپرا راگ نغمہ گانا بجانا ۔ یہ لفظ انگریزی اوپیرا opera سے مفرس ہوا ۔ ~~علاوہ ازین لفظ اپیرا ... انگریزی یعنی اوف کا مفرس ہے~~ ۔

اپیرا اوکالا اپیرا کا ذکرہ ہو چکا کالا کے معنی بڑی شادی خوشی عیش و عشرت کا تماشہ ہے انگریزی گیل gala سے مفرس ہوا ہے ۔ واو درمیانی عطف نہین ہے بلکہ اضافت انگریزی یعنی حرف آف of کا مفرس ہے فارسی میں آف کی جگہ محض واو لکھتے ہین اور تلفظ مین اُو پڑھتے ہین ۔

اِپولیٹ زیر بغل بہلو یہ لفظ انگریزی ایپولیٹ Epaulette سے بنا ہے ۔

اَنسٹی ٹیوٹ جلسہ قانونی عام جلسہ جو اخبار بینی اور مطالعۂ کتب و نشر علوم کے واسطے منعقد ہوتا ہو یہ لفظ انگریزی انسٹیٹیوٹ Institute کا مفرس ہے ۔

انسٹی ٹیوٹ دو فرانسہ فرانس کا جلسہ قانونی انسٹی ٹیوٹ کا ذکر کیا گیا حرف دو اضافت فرانسیسی یعنی ڈی کا مفرس ہے فرانس مین اُف کے جگہ ڈی آتا ہے ۔

اسباب میکانیک اسباب یعنی کل اوزار اوزار سے مراد ہے لفظ میکانیک جاذب یعنی کھینچنے والا کشش کرنیوالا یہ لفظ انگریزی میگنیٹک Magnetic سے مفرس ہوا ہے آلہ مقناطیسی یہ ایک پمپ یعنی پانی کھینچنے والا آلہ ہے ۔

اُومنی بُوس تین طبقہ کی گاڑی جہکڑا ایسی گاڑی جسمین اوپر نیچے درجے بنے ہون یہ

لفظ انگریزی اُمنی بس omnibus
سے مفرس ہوا ہے۔

البوم تصویرین رکہنے کی کتاب اسکو شہدی بہی
البم کہتے ہین یہ لفظ انگریزی ایلبم Album
سے ہے۔

اُبلیسک منار لاٹ مثلث نما جو بہل منار
یہ لفظ انگریزی اُبی لیسک Obelisk
سے مفرس ہوا ہے۔

اُبلیلک یہ بہی ابلیسک ہے غلطی کاتب سے
یون لکھا رگیا ہے۔

آرک گنبد محراب یہ لفظ انگریزی آرچ Arch
سے مفرس ہوا ہے۔

ارک یہ لفظ فارسی ہے اوس قلعہ کو کہتے ہین جو
بادشاہ کے رہنے کا مقام اور شہر کے اندر ہوتا ہے
گو اوسمین برج و بارہ قاعدہ یعنی قلعہ کی ہیئت پر نہو

آرگن باجہ ہے جسکو ارگن اور ارغنون کہتے ہین
یہ لفظ ارگن Organ سے مفرس ہوا ہے۔

آرک تریومف گنبد فتح محراب فتح فتحگاہ
جیت گڈھ یہ لفظ زبان فرنچ آرچ ڈی ٹریومپھ
Arch de triumph سے مفرس
ہوا ہے۔

آرڈنانس متعینہ۔ مامور۔ محافظ۔
متعین یہ لفظ انگریزی آرڈی نی نس Ordinance
سے مفرس ہوا ہے۔

آرشیدوش امیر کبیر امیر عظیم الشان
نواب بزرگ امیرالامرا یہ لفظ انگریزی آرچ ڈیوک
Archduke سے مفرس ہوا ہے۔

آرشیدوک ارشیدوش اور ارشیدوک
ایک ہی لفظ سے بنائے گئے ہین معنی بہی ایک ہین
ڈوک ڈیوک کا معرب ہے اہل عرب دوق
بہی کہتے ہین

اکسپوزیشن نمائشگاہ اشیا نمود یہ لفظ
انگریزی اکس پوزیشن Exposition
سے مفرس ہوا ہے۔

اڈریس سپاسنامہ مخاطبہ عریضہ تشکر و تہنیت
یہ لفظ اڈریس Address سے مفرس ہوا ہے

اطاق بزرگ استراحت کا کمرہ خوابگاہ شاہی
بزرگ بار سجدہ کی فصل مین ملاحظہ ہو۔

اکلوز بند روک اٹکاؤ بند کرنا ستد یہ لفظ انگریزی اکلوس Aclose سے مفرس ہوا ہی

اپولو یونانیون کے ایک دیوتا کا نام ہے جسکو رب النوع حسن یعنی حسن کا دیوتا مرتی جنون و رب النوع شعر سمجھتے ہین یہ لفظ اپولو Apollo سے مفرس ہوا ہے۔

اورانگ اوتانگ یہ لفظ نکوباری یا چینیا معلوم ہوتا ہے مگر انگریزی مین بھی اس کا نام یہی ہے orang outang ایک قسم کا بندر ہے۔

اتنوگرافی آثار سلف قدیمی چیزون کے نمونے دنیا کی قدیمی خلقت کا عجائب خانہ یا نمونہ خانہ اتھنوگرافک Ethnographic سے مفرس ہوا ہے۔

آودسلش سوڈا واٹر ولایتی پانی سلٹش واٹر یہ لفظ واٹر دی سلٹش Waton de daltish سے مفرس ہوا ہے۔

اکول مدرسہ اکول یہ لفظ فرانس زبان سے لیا ہے اصل مین اکول Ecole ہے۔

اکول دکادہ امیر زادون کا مدرسہ یا جنگی کالج یہ لفظ زبان فرانس کا ہے اور ایک مدرسہ شہر برلن پایۂ تخت پروشیہ مین اسی نام سے مشہور ہے اسکا نام اکول دیس کیڈٹس Ecole des Cadets ہے۔

اوپرا و بالہ اوپرا تماشا خانہ اور بال بغیر راگ کا ناچ واو اضافت انگریزی یعنے حرف آف Of کا مفرس ہے جسکا تلفظ اہل ایران اوکرتے ہین یعنی اوپیرا آف بلیٹ Oprear of ballet کا مفرس ہے۔

انوالید بوڑھے ضعیف سپاہی بیکار اپاہج نکلے سپاہیون کی پین یا مقام سکونت یہ لفظ انگریزی ان ویلیڈ Invalid سے مفرس ہوا ہی۔

اجودان مخصوص اجودان کی شرح گذرچکی مخصوص یعنی پرائیوٹ ایڈی کمپ مصاحب خاص۔

اجودان جنرال جنرل ایڈی کمپ مدد گار بزرگ بڑا اسکو جنرل اوجوٹنٹ۔

اسپ وکاری اسپ گھوڑا اور کاری کا فی تازی گاڑی چھکڑا بار برداری یہ لفظ انگریزی سے

کارٹ cart سے مفرس ہوا ہے

آب جوش سوڈا واٹر لیمونیڈ واٹر چونکہ سوڈا واٹر بوتل سے نکلکر جوش کرتا ہے اس لئے آب جوش موسوم ہوا۔

الاچیق بروزن اتالیق خیمہ ہندی کمل ٹاٹ وغیرہ کوئی کپڑا الکڑیونپر بطور خیمہ کے تانا ہوا ابھی الاچیق کہلاتا ہے اسکی ہندی ہندی پال یا چھولداری ہوتی ہے۔ گہاس کی مڑا جھونپڑا

اسباب۔ چکی

اسباب بادی ہواچکی۔

اسباب بخار۔ دخانی چکی۔

آجر بروزن آخور کی اینٹ خشت پختہ۔

آفتاب گردان شامیانہ شاہی چتر بڑا چھتر جو دہوپ سے حفاظت کیواسطے لگاتے ہین

اطاق سفرہ اطاق تو کمرہ حجرہ اور جھوٹا سقف دار مکان کو کہتے ہین سفرہ دسترخوان یعنی کہانا کھانیکا کمرہ۔

احزاب نظامی جنگی تنظیم لشکر کا سلام فوجی سلامی نظام قواعددان مرتب فوج کو کہتے ہین۔

ایلخی گھوڑونکا گلہ گھوڑسال گھوڑونکا طویلہ جہان بیچنے کے لئے جاتے ہین۔

ایلخ گھوڑسال گھوڑونکا طویلہ۔

اسباب بخار دخانی کل اسباب کل اور دستگاہ کو کہتے ہین۔

ایشیک آقاسی باشی ناظر دیوانخانہ شاہی داروغہ دربار شاہی لارڈ چیمبرلین حاجب سلطنت۔

اسب مقوائی مقوی کا بنا ہوا گھوڑا اور مقوی لٹی کو کہتے ہین۔

ارقالی و ارغالی ایک چوپایہ حیوان ہے قد او ر صورت مین نیل گاو کے برابر اور ہر رنگ سرخ سرنگ سرپر دو سنگ اسکو ہندی مین روج کہتے ہین حقیقتاً نیلگاو ہی کی قسم سے ہوتا ہے۔

انگارہ ڈہانچ ڈول ناتمام چیز۔

انگارہ توپ توپ کا ڈہانچ۔

آب گرم معدنی گندہک کے معدن سے جو گرم پانی نکلتا ہے وہ آب معدنی ہے۔

آوازہ و تصنیف آوازہ گیت راگ نغمہ اور تصنیف غزل شعر وغیرہ نظم کو کہتے ہین۔

آش - غذا - کہانا۔

آش پز - باورچی کھانا پکانیوالا۔

آش پزخانہ باورچیخانہ -

ابوالجمعی سرداری افسری جماعت کی افسری

اسباب خرازی نقلی شیشہ کا جواہر جھوٹی نگینہ وغیرہ نقلی بلور کا اسباب -

اتراق بروزن اشفاق تاخیر قیام - و دیر - درنگ ٹھیرنا - مقام کرنا -

اسفند ایک درخت ہے جسکے تخم کو سفید رائی اور تخم سپندان کہتے ہین -

اوچ ترکی زبان مین تین عدد کو کہتے ہین یعنی تین

اردک مرغابی بطخ بڑی قسم کی بط بطخ کی ایک قسم ہے -

آب سالم آب گوارا پینے کے قابل پانی سفید بے ضرر پانی اور غیر سالم خراب مضر پانی -

انبار مخزن گودام مال خانہ بکھار

اندازہ چھت مین اندر کی طرف کڑیون کے نیچے تختوں کی

کنگنی جو ایک اینٹ کی بطور کارنس ہوتی ہے - اس کو ہندی مین اجارہ کہتے ہین -

آغور بروزن ماہور حرکت داخل ہونا جنبش کرنا کسی چیز سے ملنا ملک ایران مین رسم ہے جب کوئی شخص سفر کو جاتا ہے تو دوست احباب جو راہ مین ملتے ہین اوسکو پابہ رکاب دیکھکر کہتے ہین آغور باشد مسافر جواب دیتا ہے آغور شما بخیر یعنی کہتے ہین حرکت سفر ہے یا سفر کو تشریف لیجاتے ہو وہ جواب مین کہتا ہے تمہاری حرکت و سفر بخیر ہو -

آغور سفر سفر کی حرکت روانگی جنبش -

اخشاب بروزن احباب خشب کی جمع ہے لکڑی اور لکڑی کے تختوں کو کہتے ہین -

انبار قلعہ قلعہ کا گودام یا مخزن بکھار

آلو بالو شاہ آلو ایک میوہ ہے جسکی شبیہ یا فقر فالسہ ہے -

آب گِل گدلا پانی غلیظ گل آلودہ پانی کیچڑ کا اور تلچھٹ اور گاڑھی چیز کو کہتے ہین -

الواط لوطی کی جمع ہے بازاری آدمی ایران مین بانکون کو لوطی کہتے ہین جو آدمی بانکہ ہو وہ

لوطی اجلاف کہلاتا ہے یعنی بڑا بانکا مسخرہ لوطی ہیون یار
بندر نچانے والا مسخرہ لوطی عرب یہ فرقہ مثل ہندی
شہدون کے ہے بات کے پورے سخاوت مین
کامل شجاعت مین لاثانی۔ امیرون سے لیتے ہین
اور غریبون کو دیتے ہین یہان مطلق بازاری شہدون
سے مراد ہے۔

ابشار جہرہ۔ پانی کی چادر جو بلندی سے
گرتی ہو۔

آرسی بروزن فارسی پاؤن کا موزہ کفش جوتہ
یہ لفظ ترکی معلوم ہوتا ہے۔

الغی کاتب نے عین مہملہ کی جگہ الف لکھدیا ہے
علف گہاس کو کہتے ہین۔

امیراخور۔ داروغہ اصطبل۔

الطاق گار اسٹیشن کا کمرہ گار اسٹیشن
کو کہتے ہین ریل کا جو راستہ جدید کوئی مکان بنا ہوا
ہو گار کاف فارسی کی فصل مین ملاحظہ فرمائیے۔

اجنہ جن کی جمع ہے۔

ادہمائی مفرغی مفرغ کی بنی
ہوتی سور مین چند دانت لوہا وغیرہ ملا کر ڈھالی ہوئی
سورت مفرغ فصل میم مین شرحاً ملاحظہ ہو۔

امیرالائی فوج کا کرنیل ایک کمپو کا افسر
بریگیڈ میجر۔

آقاسی ناظر دیوانخانہ داروغہ دربار شاہی
چیمبرلین۔

امیرالائی عساکر ضبطیہ
انسپکٹر جنرل پولیس عساکر ضبطیہ پولیس کی فوج
اور امیر آلائی کرنیل۔

ابداریاشی افسر کمسریٹ داروغہ جار اخوراک
رسد وغیرہ کا مہتمم سردار۔

ابدار شربت دار اور داروغہ کمسریٹ منتظم
رسد و خوراک لشکر وغیرہ۔

اجار دار مزدور قلی۔ حمال۔

انہ ناس۔ انن ناس ایک پہل ہے اور
یہ نام ہندی ہے یہ پہل مین کے اندر رہتا ہے یعنی
جڑ مین درخت گہی کوار کے مشابہ چھہ گرہ تک لمبے
پتے ہوتے ہین پتون کے نیچے بعد رہے خربزہ
کے زرد رنگ اور پوست پر آنکہین یا کوئی لگی
ہوتی ہین مزہ بھی خوش یعنی کہٹا میٹھا اکثر مربا بناتے

بناتے ہین اور قند کے ساتھہ کہاتے ہین۔
دریا شور کے ساحلون پر اور مرطوب زمین مین
ہوتا ہے۔

اسپ دوانی گہوڑ دوڑ۔

امین حضور یہ عہدہ بھی داروغہ دربار کا
لارڈ چیمبرلین۔

اردو لشکر چہاونی پڑاو۔

اطاق پذیرائی ملاقات کا کمرہ بیرونی حجرہ

ابتیاع بیع و شری خریدنا و مول لینا۔

ایاب وذہاب ایاب آنا اور ذہاب
جانا آمد و رفت

اسباب نورد مانند بیلن کسی
کل یا چرخی کا بیلن۔

امین خلوت میر تزک خلوت نیقیجی خلوت

الوچہ ایک پہل ہے الو بخارا کے مشابہ

آب باز تیراک پانی مین تیرنے والا۔

امین لشکر فوج کا بخشی جنرل پی ماسٹر

ایوان شاہ نشین دیوان خاص

آسیا چکی

اسباب خرابہ جنگی کا کہنڈر ویرانہ

ایلچی کبیر سلطان روم اور شہنشاہ روس
انگلنڈ اور فرانس چارون سلطنتونکا ایلچی ایلچی کبیر
کہلاتا ہے۔

اسباب جرثقال بوجہہ اوٹھانیکی کل

آہنگ الاپ سریلی آواز۔

اطاق شام رات کے کہانیکا یا دعوت
کا کمرہ

اگل نوار عقاب سیاہ۔ اگل عقاب کو
اور نوار سیاہ کو کہتے ہین۔ یہ سلطنت پروشیہ کے
اعلے اور محترم نشان کا نام ہے یہ لفظ زبان پروشیہ
اگل نوار Eagle Noire سے مترشح
ہوا ہے۔

اسپ صباح الخیر بادشاہ کے
گہوڑیکا نام ہے یعنی شعلہ بہبو کا۔

اوضاع زندگی اسباب خانہ داری عشرت
و آرام گہر بار کا سامان۔

آئینہ سنگی ولدار پہلو تراش شیشہ

اجتماع مجلس ممبران مجلس اہل جلسہ

اشکال شکار ہرن کی تصویرین شکار ہرن کو کہتے ہین -

ابنیہ قدیمہ - پرانی تعمیرات قدیم عمارت

آئین بستن آراستہ کرنا سجانا رونق دینا

اہل سیتہ سیتہ شہر کو کہتے ہین فصل سین مہملہ مین ملاحظہ ہو -

اب لمو - لیمونیڈ واٹر میٹھا ولایتی پانی -

اشکال دور نما تصویر کی ایک قسم ہے جو دور سے اصل کی مثل معلوم ہوتی ہین اکثر ایسی تصویرین مکان کی آرایش کے واسطے پردہ پر بنا کر لگاتے ہین

اجزاء بحریہ محکمہ بحری کا عملہ دریائی فوج وغیرہ کے افسر -

ارغنون ایک باجہ ہے یعنی ارگن باجہ -

اجزاء سفارت ایلچی گری کے متعلق عملہ سفیر کے معاون و ماتحت لوگ -

اطفال بحری جہازرانی اور دریائی لڑائی وغیرہ کے علوم سیکھنے والے طالب علم مدرسہ بحری کے طالب علم -

ایلاق گرمی مین رہنے کا مقام جس طرح ہندوستان مین شملہ ہے اور ہوائی سرد کو بھی ایلاق کہتے ہین -

اجزاء سنا مجلس سنا کے ممبر یا جج او سنا سو آدمیون کی مجلس کو کہتے ہین فصل سین مین تفصیل ملاحظہ ہو -

اجیر مزدور - اجرت پہ کام کرنے والا -

اقصیٰ غایت انتہا ہر چیز کا پرلا سرا -

اذوقہ خوراک رسد سامان خورش -

آدم باز یورپ مین بعض شخص نٹ کی مثل ہاتھ پیر لڑکو نکو کسرت کراتے ہین اونکو آدم باز کہتے ہین -

ازادہائی بارکش عرادہ کی جگہ کاتب الف سے ارادہ لکھہ گیا ہے اسکی معنی بوجھہ اوٹھانیکا چھکڑا بارکش گاڑی -

امضا مہر کرنا دستخط کرنا نام کا نقش طغرا -

ارتفاع بلندی اونچائی -

امنیت امن آسایش بی فکری بے کھٹکا ہونا -

آب قمر صاف پانی -

آق بروزن طاق سپید رنگ ۔

ایلات ایل ترکی سخنے قبیلہ کو کہتے ہین جو ہمیشہ سفر مین رہتے ہین ۔ ایلات جمع ہے یعنی قبائل

ایل قوم قبیلہ خیل ذات ۔

اعیان اکابران ملک بامنود ۔ بڑے آدمی

ادارات ادارہ کی جمع ہے محکمہ دفتر کارخانہ

ادارہ دفتر محکمہ کارخانہ

ایالت دولت ملک سلطنت راج حکومت ۔

اختراعات ایجاد اختراع ایجاد کرنا ۔

اذہان ذہن کی جمع ہے ۔

اربابی زمینداری ۔ مالگذاری تعلقہ داری

آمر حکم دینے والا ۔

استخبار خبر لینا خبر رسانی ۔ مخبری ۔

اکراد کرد ایک قوم ہے اکراد جمع ہے ۔

استیلا غلبہ ۔ غالب ہونا ۔ غلبہ کرنا ۔

اعراب عرب کی جمع ہے ۔

احداث ۔ نئی ایجاد کی ہوئی چیز ۔

اماکن ۔ مکان کی جمع ہے ۔

ابنیہ تعمیرات بنا کی جمع ہے ۔

ابنیہ دولتی تعمیرات سلطنت شاہی عمارات ۔

اسپ ایلچی گھوڑیون کے طویلہ کا پیدا کیا ہوا بچھیرا خانہ زاد بچھیرا ۔

امتنان منت رکھنا احسانمندی ممنونیت

اثاث البیت گھر کا اسباب ۔

اغتشاش رل چل ۔ کھلبلی اضطراب ۔

اقاقیا درخت ببول کو کہتے ہین ایک قسم کا ببول یا کیکر ہے جسکو ام غیلان بھی کہتے ہین ۔

ابیاری زراعت کو پانی دینا ۔

انزوا ۔ گوشہ نشینی کونے مین بیٹھ رہنا ۔

اطاق آئینہ کاری مقرنس مقرنس آئینہ کار ایسا مکان جسکی چھت دونون طرف کھپریل کی شکل کی ہو وہان ہو مقرنس کہلاتا ہے اور آئینہ کار شیشون کا بنا ہوا مکان ۔

اسباب طرب گانا بجانا ساز و سامان نغمہ راگ وغیرہ کا باجہ ۔

اسباب مفرغی لوہے وغیرہ دھات کا بنا ہوا اسباب مفرغ فصل سیوم مین تشریح

لکھا ہے۔

الوان رنگ یا لون کی جمع ہے یعنی رنگ۔

استحمام غسل کرنا۔ حمام کرنا۔ نہانا۔

اسفار سفر کی جمع ہے۔

اسپ اندازی گھوڑا دوڑانا سرپٹ ڈالنا

اعراب بنی لام عرب کا ایک قبیلہ جسکو بنی لام کہتے ہین۔

افواج فوج کی جمع ہے اور فوج ملیشن یعنی پیادہ سپاہ کو کہتے ہین۔

امور خارجہ غیر سلطنتوں سے متعلق کاروبار

احساس تمیز کرنا پہچاننا حس کرنا۔

اسلحہ سلح کی جمع ہے یعنی ہتھیار تلوار بندوق وغیرہ کی اقسام سے۔

اسپا اسپ کی جمع ہے یعنی گھوڑے اہل زبان کا محاورہ ہے کہ ہا یعنی ہا ہوز اور الف سے جمع کرنے کی جگہ محض الف سے جمع کر لیتے ہین مثلاً سربازہا کو سربازا اور رفیق ہا کو رفیقا اور اسپ مین بار فارسی کیجگہ باء موحدہ بولتے ہین۔

اغنام غنم بکری اغنام جمع۔

اجازہ اجازت۔

اجتہاد مسائل فقہ کو اپنی رائے سے اخذ کرنا احکام قرآن و حدیث سے مسائل کو استنباط کرنا فتوائے احکام دین دینا۔

ارّہ لکڑی چیرنے کا اوزار آرا

ارامنہ ارمنی کی جمع ہے اور ارمنی عیسائی مذہب کا ایک فریق ہے جو اکثر ملک ایروان اور ارز روم مین رہتے ہین اونکا مذہبی سردار خلیفہ کہلاتا ہے۔

آجُر تراش نصف اینٹ کی شکل بنی ہوئی چیز جسکو ہندی مین پالشہ کہتے ہین۔

آف سورج۔

آفتاب دھوپ۔

آہن ریزی لوہے ڈھالنے کا کارخانہ

الی غیر النہایۃ الی تک تا یعنی بیحد یا حد سے زیادہ تک بے حد تک پرلے سرے تک۔

ایراد اعتراض کسی کا کلام رد کرنا تردید

اسرافیل ایک فرشتہ کا نام ہے جو صور یعنی نرسنگا یا قرنا ہاتھ مین لئے ہوئے منتظر حکم الٰہی

کہا ہے کہ حکم ہوتے ہی صور مین پہونک مارے
اور یہ حکم قیامت کو ہوگا آواز صور سے تمام مردے
زندہ ہوجائینگے اور اونکا انصاف کیا جائیگا۔

اسباب درودگری گہاس کاٹنے
کی کل یا کسی چیز کو کاٹنے کا آلہ۔

ابلہ کوفتن چیچک کا ٹیکا لگانا گودنا۔
گوتہن سیتلا نکالنا۔

اردوئی سالدات سالدات کی
چہاونی سالدات ملک روس مین ایک قوم ہے
کسی زمانہ مین قوم سالجوت ملک تاتار سے نکلکر
ملک روس وغیرہ مین آباد ہوئی ہے وہی نام
سالدات ہوگیا ہے اور یہی لفظ سولجر کا مفرس ہے

محاورات کی شرح

از صدا افتاد چپ ہوگیا۔ آواز بند ہوگئی

آوازہ خوبی خواندند۔ اچہا گیت گایا۔

از بالا سر از سر با کلہ پائین آمد اوپر سے
نیچے کو منہ کے بل آیا۔

از بالای بند خود شش راپرت کردہ

تو ی نو افتاد۔ رسی کے اوپر سے اپنے
کو اوچہال کر ہنڈولے مین یا گہوارہ مین یا بنگورہ
مین جا پڑا۔

از بالای باغ ہموار فت باغ کے
اوپر سے اوڑ گیا۔

از ہر جہور ہر قسم سے ہر طرح سے۔

از کار رومی آید۔ کام سے نکلتا ہے یا چلتا
ہوتا ہے۔

ابوالجمعی ندارد سرداری۔ افسری یا عہدہ
نہین رکہتا۔

اوضاع را مغشوش کرد وضع یا صورتون
کو خراب کر دیا یا بے لطف کر دیا۔

آن میان۔ اوسکے اندر اوسمین۔

انبار بزرگ غلہ دیوانی بود سرکاری
گندم کا بڑا گودام تہا۔ دیوانی کا مال محصولات کے
مال کو کہتے ہین۔

از صفا افتادہ است رونق سے گر گیا ہے

اقصای بلاد شہرون کی انتہا یہ سرے پر

از حول و حوش قرب و جوار نواح سے پاس سے

آب درمی آورد پانی نکالتا تھا۔

امیر الطریس بسیار خوش و خوش ترکیب و مہربان و برازندہ است ملک بہت خوبصورت اور سڈول اور ملنسار اور بیشاندار اور سجیلی ہے۔

از ہم شلاشی میکرد پرچے اوڑا دیا ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

اول بنا بود اول ٹھیرا تھا یا مقرر ہوا تھا۔

از مرداب در آمدہ مرداب دریا کی کچھار یا کھادر یا ترائی۔ یعنی کچھار سے نکلکر قاعدہ ہے کہ دریا سے مد کے وقت جو پانی کناروں سے آگے دور تک پھیلتا ہے اور پھر جزر کے وقت ساحل پر پلٹ جاتا ہے اوس سے جو زمین ہوجاتی ہے اوسکو مرداب کہتے ہین حالت جزر مین کشتیان ٹھیر بیٹھ جاتی ہین مد کے وقت پھر اوبھر کر تیرتی ہین۔ مرداب سے نکلنا تیر نا مراد ہے۔

از دو تار دیگر است دوسری دو مین سے ہے۔

اصناف قابل از ہر قبیل نشستہ اند ہر ہنر کے قابل اور لایق کاریگر بیٹھے ہین یعنی اون حجروں مین مختلف ہنر اور صنعت کے کاریگر بیٹھا کرتے ہین کہ ہتھیار کارتوس بندوق کی ٹوپی وغیرہ میگزین کا کل سامان بناتے ہین۔

امام زادہ معتبری است امام زادہ حضرات ائمہ معصومین کی قریب اولاد کے فرزندوں کو کہتے ہین یہان مراد قبر امام زادہ ہے۔

ادارہ شرقیہ وزارت خارجہ شرقی سلطنتون کے متعلق وزارت خارجہ کا دفتر الشیرن فارن آفس

اوی ممتدی بگوش میرسد اوی کی لمبی آواز کان مین آتی ہے یعنی اوی کی

آرام و فصیح آہستہ و شایستہ۔

انداختند فیر کئے توپ انداختند توپ چلائی۔

از ہوا آویزان است اوپر لٹکتا ہے معلق لٹکتا ہے۔

آب ولیشی رفتہ بود ولیشی کے معدنی چشمہ کو گیا تھا ولیشی مقام کا نام ہے

از قراریکہ گفتند از ہلاکت جستہ جیسا کہ بیان کیا یا جس تفصیل سے ذکر کیا مرنے سے بچ گیا

اربابی سہم دارد زمینداری بھی رکھتا ہے۔
ازعقب اجار دار رفتہ اجارہ دار مزدور اور
عقب رفتن بلانا یعنی مزدور کو بلانے کو جا کر عقب بنشانیدن
بھی بلاتا ہے۔
ایستی کردہ ذرا ٹھیر کر کھڑے رکھ کر
ارمنی نشین ارمنی لوگوں کی سکونت کا مقام۔
اردو زدہ بودند چھاونی ڈالی تھی خیمہ نصب
کئے تھے۔
آفتاب خوبی بود خوب ہوا تھی۔
آوازہ و تصنیف میخواندند شعر اور غزل
یا نظم گاتے تھے۔
آئین بستہ بودند آراستہ کیا تھا آئین بستن
شہر کو سجانا۔
ابریشم کشی ریشم صاف کرنے کی صنعت۔
از الکتری سیتہ سیمی تلگراف نامند
برقی مادہ سے ایک تار ٹیلیگراف کے تار کی مثل
سیم باریک تار کو کہتے ہیں۔
از چوب مراتب دارد لکڑی کی سیڑھیاں
رکھتا ہے۔

استخوان ہیں وسطی شاخہا اکثر مثل
مجموعہ الیست سینگوں کے بیچ کی چوڑی ہڈی
کہ ایک سینے یا لگن کے مثل ہے مجموعہ اور مجمع
سینی کو کہتے ہیں۔
آرام و سنگین حرکت میکند بے تکان
اور آہستہ چلتی ہے۔
اراضی خالصہ دیوان خاص شاہی زمین
از ساترا طافہا مفروز کردہ اند سب طرف سے
جدا کر رکھا ہے یا علیحدہ۔
از ہم سوا کردہ است ایک کو دوسرے سے
علیحدہ کر دیا ہے۔
اولیائی سن ژام اولیا والی کی جمع ہے اول
سن ژام سینٹ جیمس کا معرب ہے جو Saint
James لنڈن میں ایک قدیم مقام اور عمارت
کا نام ہے اہل لندن کو اولیائے سن ژام یعنی
والیان سینٹ جیمس لکھتے ہیں۔
اطریش ملک اسٹریا کو فارسی میں کہتے ہیں
یہ لفظ اوتریش Autriche سے معرب
ہوا ہے اہل فارس نے بھی اسٹریا کو یہی کہتی ہیں۔

ایزارہ و بعضی حاشیہ ہا ہمان سفید و طلائی چوبی است چہت کے نیچے کی کنگنی اور بعض حاشئے دہی سفید طلاسکار لکڑی کے ہین ۔

اُزدل بچہ اردک فاربچہ قار اسب مادیان بچہ اچرا سیکرو ندہ ہنس راج بط ہنس راج کے بچے مرغابی اور مرغابی کے بچے گہوڑے گہوڑیان جنگل مین چرتے تہے ۔

ازاوچ درہ لرگذشتیم ہم تین دروں گذرے ساوچ تین اور درہ لر یعنی درہ مین یہ ترکی لفظ ہے ۔

فصل بائے موحدہ

بانن کیلہ ۔ موز ۔ یہ مشہور و معروف پہل ہے یہ لفظ انگریزی لفظ بنان Banana سے مفرس ہوا ہے ۔

بُطری بوتل شیشہ قرابہ یہ لفظ زبان انگریزی باٹل Bottle سے مفرس ہوا ہے

بالہ بروزن نالہ ۔ ناچ ۔ رقص ناچ کے ایسی مجلس جسمین گانا نہو صرف ناچ ہو ۔ یہ لفظ انگریزی بیلیٹ Ballet سے مفرس ہوا ہے ۔

بانق خزانہ صرافی کی کوٹہی یہ لفظ انگریزی بنک Bank سے مفرس ہوا ہے ۔

باستیان بُرج گڈہی بارہ مورچہ یہ لفظ انگریزی بیس ٹی ین Bastion سے مفرس ہوا ہے

بزون ارنا بہینسا جنگلی بہینسا جاموش وحشی یہ لفظ انگریزی بیسن Bison سے مفرس ہوا ہے ۔

بالون غبارہ جسمین بیٹہہ کر آدمی اوڑتے ہین اور کاغذ کا بنا ہوا غبارہ جسمین چراغ رکہکر اوڑاتے ہین

بُتنی ترکاری سبزی نباتات یہ لفظ انگریزی بوٹنی Botany سے مفرس ہوا ہے ۔

برلیان کنول بنا ہوا ہیرا الماس کشن سوزنا بات جبیر عام پہلو تراش مجلی نگینہ کو کہتے ہین یہ لفظ انگریزی برلیانٹ Brilliant سے مفرس ہوا ہے ۔

بولوارد پیرس دار السلطنت فرانسہ مین تمام شہر کے دور مین ایک سڑک ہے جسکے کنارے پر

نہایت خوش اسلوب درختون کی چار قطارین لگی
ہوئی ہین اور سڑک تین حصونپر منقسم ہے وسطی
لقدر چھبیس ۲۶ گز گہوڑا گاڑی وغیرہ کے واسطے اور
دونون طرف راہ پیادہ روہی اس کو بولودکہتے ہین

Boulevard

بُومبارڈ توپ کے گولے مارکر مسمار کرنا
گولون سے اوڑا دینا یہ لفظ انگریزی بمبرڈ
Bombard سے مفرس ہوا ہی -

بُولتِن - خبر - کوائف - حالات - سرگذشت
یہ لفظ انگریزی بُلِٹِن Bulletin سے
مفرس ہوا ہے -

بِلیت سند رقعہ ٹکٹ - چھٹی انگریزی
سے بِلِٹ Billet کو مفرس کیا ہے -

بُورس صرافخانہ لین دین کی کوٹھی معاملات
قرض خرید و فروخت کا بازار سوداگرونکی منڈی
یا گذری یہ لفظ انگریزی باراؤہوس Borraiuhhos
سے مفرس ہوا ہے

بلیتی یہ لفظ بلیت سے جسکا ذکر اوپر گذر چکا ہے
اسمین یار تنکیر ہے یعنی ٹکٹ یا سند -

بالکون بالاخانہ مہتابی یہ لفظ انگریزی
بال کانی Balcony سے مفرس ہوا ہی -

بازی لیکی بارگاہ سلطانی شبستان
شاہی یہ لفظ انگریزی بیسالک Basilic کو
مفرس کیا ہے -

بزک شبستان شاہی بارگاہ سلطانی یہ لفظ بھی
بیسالک کا Basilic مفرس ہے بازی لیکی
اور بزک ایک لفظ اور ایک ہی معنی ہین -

بوفہ دعوت کا کمرہ کہانا کہانے کا کمرہ سطح
اور انگریزی دعوتون کے جلسہ نام بنام موسوم
ہین یہ بھی ایک دعوت کا نام ہے کہ خاص غذا
کی دعوت ہوتی ہی -

برونز پیتل - جست - اور تانبا ملا ہوا جسکے
ظروف ہر طرح کے بنتے ہین یہ لفظ انگریزی برانز سے
مفرس ہوا ہے Bronze اور برانز غالباً بخ
سے انگریزی بنایا ہوگا -

برُنز یہ بھی وہی برونز اور اوسی مادہ سے ہی
اوسمین واؤ اظہار حرکت کے واسطہ یا اس لئے
کہ انگریزی مین حرف آر کے مابعد او ہے جسکو

اہل فارس ہراوسی بدل لیتے ہین واقع ہوا ہے۔

بُوونڈی پیتل کی بنی ہوئی چیز برنجی شے

بَاذی نی نِیش بازی۔کھیل۔سوانگ یانقل کو کہتے ہین نی نیش حماقت بیوقوفی۔ گاؤدی پن۔مورکھپن۔کندہ ناتراش۔گر ہائن یہ لفظ انگریزی نین نائیش Ninnyish سے معرب ہوا ہے۔یعنی بیوقوف اور احمق کا سوانگ حماقت کی نقل۔مورکھائی کا سوانگ۔

بُوکش باہم مشت زنی کرنا گھونسون سے لڑنا یہ لفظ انگریزی بوکسنگ Boxing سے معرب ہوا ہے۔

بَال رقص ناچ یہ لفظ انگریزی سے بیلٹ کو Ballet معرب کیا ہے۔

بُطرْ ۔بوتل۔شیشہ۔بطری اور بطر ایک لفظ ہے اور دونو کا ایک ماخذ ہے۔

بُولُوارہ احاطہ۔محلہ۔برج۔پناہ حصار یہ لفظ بول ورک Boul Wark سے معرب ہوا ہے کوچہ اور محلہ کی عمارت وغیرہ کو کہتے ہین بعض جگہہ جو اسکے آخر مین حرف دال ہے اوس کے آگے کوئی نام بھی ضرور لفظ بولوارہ یا بولوار کا مضاف ہے اضافت زبان فرانسہ کو بطور تلفریب صرف دال اور تلفظ مین دُ دا استعمال کیا ہے جسطرح اضافت انگریزی یعنی حرف اف کو فارسی مین محض واو اور تلفظ مین اَوا استعمال کیا ہے مثلاً بولوار وعثمان یعنی عثمان کا محلہ یا کوچہ۔

بِرَاکِیْد یَیلَہ یہ لفظ ایک افسر فرانسیسی کا نام ہے۔یعنی۔مارشل برگیوئی ڈی ہلیرس Marshal Baraguay dHilli-
-ers

بَالَابَان ۔ڈھول۔طنبورہ۔پلٹن کے ہمراہی باجے کا بڑا ڈھول۔

بُلْدرچِیْن ۔بودنہ۔بٹیر۔تیتر کی ہمشکل مگر اوس سے بہت چھوٹا ایک پرند جانور ہے

بُوتَہ درخت کو کہتے ہین۔

بُوتَہ گز گز کا درخت یہ درخت ملک ایران مین ہوتا ہے۔بلندی اور جسامت نیم یا جامن کی برابر اور جسطرح جو السہ پراوس جمکر ترنجبین پیدا ہو جاتی ہے اوسی طرح درخت گز پر گزانگبین جمتی ہے

جو نہایت شفاف اور سفید اور ایک سفیدا اور خوش مزہ مصری ہوتی ہے بکثرت پیدا ہوتی ہے اور رغبت سے کھائی جاتی ہے۔

بُوتہ کُون درخت بید کی ایک قسم ہے جسکو عرب لوگ غرب کہتے ہین۔

بوتہ کون صحرا بروزن چمن بھٹکٹیا کو کہتے ہین اور مجازاً جہاڑی۔ جہاڑ۔ جھنکاڑ جھڑبیری کو

بخاری عمارت آتشخانہ انگیٹھی جو مکان گرم کرنے کے واسطے اندر کیطرف دیوار مین بناتے ہین۔

بند بازی نٹ کا کام رسّی پر کرتب کرنا ناچنا اور کثرت کرنا۔

بند باز نٹ رسّی پر کثرت کرنیوالا۔

بُشقاب ۔ رکابی ۔ قاب ۔ کہانا کہانیکا ظرف

بُگدہ ایک ہتھیار ہے جسکو اہل ہند لبنڈہ کہتے ہین ۔ یہ چمڑے پہل کا لمبا چاقو ہوتا ہے۔

بَرازِندہ ۔ بابنود ۔ ویدارو ۔ بہڑکدار

بَنّا معمار ۔ راج ۔ عمارت بنانے والا۔

بال ماہی مچھلی کا پر جو اس کے پہلو پر ہوتے ہین اور دُم کے دونون طرف ہوتی ہین۔

باغ مشجّری درختونکا باغ ۔ باغ کے دو قسم ہین ایک وہ جسمین محض ارایش و تفریح کیواسطے چہوٹے چہوٹے خوشنما درخت اور پہول لگاتے ہین دوسری قسم یہ ہے جیسا ہمارے ملک مین قدیم رسم ہے کہ بڑے بڑے درخت میوہ جات کے لگاتے ہین یہی باغ مشجری ہے۔

باغ وَحش ایسا باغ جسمین زندہ جانورونکا عجائب خانہ ہو۔

باغ نباتات بوٹیونکا یا ترکاریونکا باغ

باغ گلکاری پہول باغ پہولون کے بونیکی جگہ

باغ سبزیکاری ترکاری کا باغ۔

باش سر کو کہتے ہین اور مجازاً سردار کو۔

باشی سردار افسر

باش اچق سر برہنہ ۔ سر کہلا ننگو سر ایک قوم کا بھی نام ہے جو زن و مرد سر برہنہ رہتے ہین

برآمدگی چہوٹا ٹیلہ جسکے نیچے سے

پانی کا چشمہ جاری ہو۔

بغلجادہ جو راستہ زمین کہودکر بنایا گیا ہو اور اوسکے کنارے کسیقدر بلند ہون اوسکو بغلجادہ اور ایسے راستہ کو بغل براہ کہتے ہین۔

باتلاق بروزن باریاب دلدل۔ کیچڑ دہنسن

بغل براہ ایسا راستہ جو زمین کہودکر کسیقدر گہرا بنایا جاے اور اوس کے بغلی کنارے بلند ہون یعنی راہ بغل بریدہ۔

بہمن بر فتح بہمن ایک فارسی مہینے کا نام ہے جسکو ہندی مین اگہن انگریزی مین دسمبر کہتے ہین۔ چونکہ آفتاب اس مہینے مین برج جدی مین ہوتا ہے سردی زیادہ اور برف کثرت سے گرتی ہے اسلئے مجازاً برف کو بہمن اور بہمن برف کہتے ہین۔

بنیہ جثہ جسامت کاٹہی۔ کالبد۔ جوڑبند انگلیٹ۔ ترکیب اعضا جسم۔

باش جنگلی فارسٹر۔ جنگل کا افسر داروغہ جنگل۔

بلوری جیوہ جیوہ بروزن شیشہ پارہ۔ سیماب۔ اور بلور آئینہ۔ یعنی بلوری قلعی کا آئینہ کیونکہ آئینہ پر پارے سے قلعی کرتے ہین۔

بوق۔ بگل۔ ترہی۔ قرنا۔ ترم۔

بومی۔ ہموطن۔ اہل ملک۔ ملکی۔

بادبادک۔ کاغذ باد۔ کنکوا۔ پتنگ تکل۔ گڈی۔ کاغذ کا کوا جسکو ڈور مین باندہکر اوڑاتے ہین۔

بدشکل بدصورت۔ بدشکل زشت رو ناز یبا۔

بور بروزن حور خاکستری۔ زردی مائل رنگ بہورا رنگ۔

بوتہ زرشک زرشک کا درخت اور زرشک کشمش کے ہمشکل کسیقدر چہوٹا ترش مزے کا ایک پہل ہے جو اکثر دوا مین کام آتا ہے۔

بلوکات ضلع۔ علاقہ۔ پرگنہ۔ محال

باقرقرہ جہیل۔ یادہرا۔ تیترای سا مرغ جنگلی مرغ۔

برّہ۔ سیٹہا۔ بہیڑ کا بچہ۔

بُردو باخت جیت ہار بُرد جیت اور باخت ہار

مجموعہ آبادی آبادی کا جسم یا بدن آبادی کا حلقہ شہر کی ہیئت مجموعی

باغ زمستانی ایسا باغ جسکے اوپر سایہ کیا گیا ہو یعنی سقف دار درختون کو سردی اور برف سے بچانے کے واسطے نقل کرتے ہین کیونکہ گرم ولایت کا درخت سرد سیر برفی ملک مین بغیر اس تدبیر کے زندہ نہین رہتا۔

ببر ملک ایران مین ببر خالدار شیر کو کہتے ہین جسکو ہندی مین شیر یعنی جسکے زرد رنگ پر سیاہ خال ہون اور بیکرنگ سنہری رنگ کے شیر کو شیر کہتے ہین جسکو ہندوستان مین شیر ببر کہتے ہین بالکل محاورہ عکس ہے۔

بلد واقفکار جاننے والا۔

بلد راہ راہ شناس راہ بر راستہ سے واقف۔

بلدیت راستہ بتانا۔ آگاہ کرنا۔

بوقلمون ہیروفیل مرغ۔ مرغ رودم یہ ایک جانور ہے پرند مگر پرواز نہین کر سکتا۔ سیاہ اور سپید ابلق وغیرہ رنگ کا ہوتا ہے۔ چہرہ سرخ سر برہنہ ناک پر انگلی برابر ہوئی اور بڑی ایک سونڈ جسکو کبھی بڑہا لیتا ہے کبھی سمٹ جاتی ہے ماکول اللحم حلال جانور ہے۔

بروز اظہار۔ آشکارا۔ ظاہر کرنا۔ عیان ہونا

بیگلر بیگ خانخانان۔ ترکی زبان مین یہ ایک عہدے کا نام ہے۔ یعنی سرداروں کا سردار۔

بیگلر بیگی شہر سٹی سپرنٹنڈنٹ کشنر پولیس۔

بیگ زادہ بیگ سردار کو کہتے ہین یعنی سردار زادہ یا خان زادہ۔

بارہ فصیل۔ قلعہ۔ دیوار حصار۔

بارو فصیل قلعہ حصار کی دیوار شہر پناہ

بینی کوہ دریا مین جو پہاڑ کی باریک چٹان سیدہی اور لمبی پانی سے نکلی ہوئی نظر آتی ہے وہ بینی کوہ ہے۔ دریا کے سوا ہر جگہ ایسی لکیر کو بینی کہتے ہین۔

بطری صنوبر بات شراب کی بوتل

بارس ئیل ترکی کا تیسرا مہینا ترکی میں ہر مہینے کا نام ایک جانور کے نام پر ہوتا ہے بارس پلنگ یعنی گلدار شیر یا تیندوے کو کہتے ہیں اور ئیل مہینا - یعنی ماہ پلنگ -

بیرق جھنڈی - نشان - جھنڈا -

بید معارفی درخت بید جو مشہور ہے بید مجنون -

بید مشک ایک قسم کا بید ہے اس کا پھول خوشبو دار ہوتا ہے جس کا عرق تبریدا استعمال کرتے ہیں -

بازدید بدلے کی ملاقات یعنی جب کوئی شخص کسی بڑے آدمی سے ملنے کو آتا ہے تو دوسرے وقت شخص بزرگ اوس کے مکان پر جاتا ہے اس رسم کو بازدید کہتے ہیں -

بزکوہی - پہاڑی بکرا -

بی میلی بغیر رغبت - بے دلی سے - بی خواہش

بادمساعد مددگار ہوا وہ ہوا جس سے جہاز مقصد کیطرف جاے -

بہ ہواندا ختن اوپر کو اوچھالنا - یا پھینکنا -

بازی - کھیل - سوانگ - نقل - تقلید -

بنائی سرتیز نوکدار مخروطی شکل کی مینار یا عمارت -

بالاپوش لحاف - رضائی وغیرہ -

برزن - گلی - پس کوچہ - کوچہ -

بارگیری بوجھ لادنے کی چیز -

بیل - بیلچہ - پہاوڑا جس سے زمین کھودتے ہیں -

برج سیتہ شہر کا برج سیتہ فصل بن سے متعلق ہے -

باجلوہ - بارونق - بانمود - دیدارو -

برہم بافتہ باہم بل دیا ہوا بٹا ہوا - گوندہا ہوا - باہم بنا ہوا - پیچ دیا ہوا -

بری بر خشکی کو کہتے ہیں - بری خشکی کی چیز

بحری بحر دریا - اور بحری دریائی چیز -

برچیدہ اوٹھایا ہوا موقوف وبرخاست کیا ہوا اوٹھا ڈالا گیا - چن رکھا سمیٹ رکھا ہوا -

برنجِ پیتل جست اور تانبا ملا ہوا۔
برنجِ مطلا سنہری پیتل سونیکا ملمع کیا ہوا پیتل۔
بدائع نادرات عجائبات نوایجاد۔
بلورِ معدنی کان سے نکلا ہوا قدرتی سنگ بلور
بلورِ ساختہ کانچ کو صاف کرکے بلور بنا ہوا۔
برجستہ ابھرا ہوا ابھرا ہوا۔ باہر نکلا ہوا۔
بادبانی ہوا سے چلنے والی کشتی۔ بادبان کشتی کے مستول سے متعلق پردوں کو کہتے ہیں یعنی پال۔ پالدار کشتی۔
بغاز نہر کو کہتے ہیں اور قسطنطنیہ کے نیچے اتنا باسفورس جو بحر اسود کو بحر مارمورا سے ملاتی ہے بغاز کہلاتی ہے۔
بابِ عالی ترکی سلطنت کے وزیر اعظم کا دربار
بابِ عسکریہ سلطنت عثمانی کے شعبہ جنگ کا دربار۔

بساط حقہ بازی بازیگری کا تھیلا یا سامان۔
بالمرۃ بالکل۔ تمام وکمال۔
بغلِ کشتی کشتی کی منڈیر۔ کنارہ
بالش تکیہ۔ نازبالش۔ پلنگ کا تکیہ۔
برگ سواری کا اسباب سوائے زین کے تمام گھوڑیکا ساز وسامان چیرمی۔
بغلِ کوہ پہاڑکی دامن یکطرفی ضلع۔
بوتہ گل سریش نہایت شوخ رنگ سفید پھول کا ایک درخت ہے جسکو انگریزی میں ایسفوڈیلس ڈمسکینس Asphodelus Damascenus کہتے ہیں۔
بنفش نیلگون اودا رنگ۔
بدنہ کوہ پہاڑکا جسم پہاڑکی ہستی مجموعی
بین الطلوعین صبح شام بیچ دوپہر
بہ مرور گذرنے پر انقضا۔
بری بریت بچت۔ محفوظ رہنا۔ پناہ
بالدار۔ پردار
بستگان۔ وابستہ۔ متعلقان۔

بخارات معدنی گندھک کے معدن کی بھاپ ایسی گرم پانی کی بھاپ جو گندھک کی کان سے گرم نکلتا ہو۔

بخار کاذ گیس جسکو روشن کرتے ہین۔

بادنجان بیگن۔ بتاون۔

تراءُ العین آنکھ کے آگے دکھائی دیتا ہوا آنکھ سے نظر آیا ہوا آنکھون سے۔

برگ مورد ایک درخت کا نام ہے جسکو آس کہتے ہین نہایت شادابی اور غایت سبزی کے باعث اوسکے پتون سے زلف کو تشبیہ دیتے ہین بہائم

بہائم بہیمہ کی جمع ہے چوپایہ جانور مویشی۔

باروحی خوش فضا دلکشا عجیب۔

محاورات وعبارات شرح طلب

بنظام ایستادن قاعدہ سے فوج کا صف بستہ کھڑا ہونا۔

با اہلبیت بودند بیبیون سمیت یا گھر کے آدمیون سمیت یا مع اہل خانہ تھے۔

بلدی جلو انداختہ واقف کار آگے لیکر راہبر آگے ڈالکر۔

بہ قراول می رود نشانہ پرجاتا ہے نشانہ پر لگتا ہے۔

برائی صرف شب چرہ رات کا کھانا کھانے کے واسطے شب چرہ رات کا کھانا اور صرف تناول طعام

بہ نہار افتادیم کہانا کہانے بیٹھے یا کہانے لگے

بسیار فقیر بودند۔ بہت غریب یا کم آزار تھے

بطوریکہ ہیچ مجال نمیدادند اسطرح کہ ذرا فرصت نہین دیتی تھی یا ذرا گنجایش نہین دیتی تھی

بسرہنگی شوہر کردہ۔ ایک کرنیل سے عقد کرلیا سرہنگ کرنیل۔

بخاطر داشت آن ایام را قریب ہشتاد سال وپنجسال وارد۔ دل کی یاد پر اوس زمانہ کو قریب پچاسی برس کے ہوئے۔

باکلہ پایین آمد منہ کے بل نیچے آیا۔

بماند۔ ٹہیر گیا۔ مقرر ہوا۔

بردیف پیچھے پیچھے۔

بہ ہوائی ساز رقاصی میکرد۔ باجہ کے شوق مین ناچتا تھا۔

با آدم ہوا برود - آدمی کو لیکر اوڑی -
برق می زوند - بازی کرتی تھی یا چمکتی تہی -
یعنی کبوتر روشنی مین بازی کرتے تھے اور چمکتے تھے
بدو - دویدن کا امر ہے - یعنی دوڑ - بہاگ کر جا
برودتی حاصل میشد تکدر - رنجش ناراضی
پیدا ہوتی تھی -
بروی جادہ وسرکالسکہ خراب شود
راستہ اور گاڑی کے اوپر دہبے پڑی یا گر پڑی -
بیک نقطہ نشانہ رفتہ بودند ایک نقطہ پر
نشانہ باندہتا تہا یا تاک لگاتی تہی -
بخودی خود - آپ سے اپنی خوشی سے -
خود بخود
بنا میکند دور گشتن - جکر پہرنا شروع کرتا ہے
یا تا ئی آہستگی سے دیر کے ساتھہ دیر مین -
بسرکشی رفتہ بود - گہوڑون کے گلہ سے چہپر
چہانٹنے یا اوسکو ملاحظہ کرنے گیا تہا - گہوڑیون کے
اصطبل یعنی گہوڑسال کو ایلخی کہتے ہین اور سرکشی
اوس کے ملاحظہ یا جانچ اور دیکہہ بہال کو
بنای شرارت و ہرزگی گذاشتند

شرارت اور بیہودگی شروع کی - بناوت کی بنیاد ڈالی
بپای خود شان است - اونہین کے
ذمہ ہے اونکی ہی سر ہے -
بپارہ دست مالیدنہا خوابانید قدری
ہاتہہ ملنے سے سلا دیا علم مسمریزم یعنی سیمیا مین -
قاعدہ ہے کہ عامل مسمریزم معمول کو اپنے مقابل بٹہا کر
اوسکی آنکہون مین آنکہین ڈالکر اپنے دونو ہاتہہ
اوس کے سر سے شکم تک آہستہ آہستہ اسطرح اوپر
کیطرف سے اوتارتا ہے جسطرح عورتین بلائین لیتی
ہین مگر حتی الوسع بدن سے مس نہین ہونے دیتا قریب
رکہتا ہے اس حرکت کو تار نظر توڑنا کہتے ہین اس عمل
سے معمول پر ایک حالت مثل غشی طاری ہوتی ہے
جسکو اصطلاح مسمریزم مین ہپنوٹزم کہتے ہین اور
خواب مقناطیسی بہی - بعد واقع ہونے حالت ہپنوٹزم
ہپنوٹزم کے معمول غیب کا حال بیان کرتا ہے اور عامل
کو ہر ایک سوال اور استفسار کا جواب دیتا ہے -
شرح سے لکھی ہوئی عبارت تار نظر توڑنے کا بیان
ہے -
بردہ - جیت گیا - بازی لیگیا -

باختہ - ہار گیا۔

بہر قہای شیر و خورشید زدہ بودند۔ شیر و خورشید کے نشان کی بیرق یا جہنڈیان گاڑی تہین۔ شیر و خورشید دولت ایران کا مارک یعنی نشان سلطنت ہے۔

بشام و بال موعود یم - ہم رات کے کہانے اور ناچ کے واسطہ موعود ہین یعنی دعوت کیے گئے ہین۔

باتفنگ در روی ہوا زدم - بندوق سے اوڑتا ہوا مارا یعنی اوپر اوپر۔

بدقت دیدیم - غور سے دیکھا اچھی طرح دیکھا۔

بہر جا کہ بند شد مشکل است وا شود جسجگہ گتھہ گیا مشکل ہے کہلجاے۔

آب زدہ بود - پانی مین کودا تہا یا تیرا تہا۔

بنا باریدن داشت - برسنے کو طیار تہا یا آمادہ تہا۔

آب سرد میروند - ٹہنڈی پانی مین جاتے ہین ملک روس مین سرد پانی کے حمام بھی بناتے ہین

جسمین در و دیوار سے فوارے جاری ہوتے ہین اوسمین نہانا مراد ہے۔

باحمائل زدہ بود - بدہی کے ساتہہ پہنا تہا معہ حمائل کے پہنے ہوے تہے۔

بکار اونہا خوردہ است - اون کے کام آیا ہے۔

بروز کرد - اوبہرا۔ ظاہر ہوا۔

باتشریفات - معہ جلوس کے۔ اسباب احترام کے ساتھہ

بالہ دادند - ناچ کیا۔

باقالب لمبی ریزند - سانچہ مین نہین ڈہالتے

با اجزار خودش - اپنے ماتحت عملہ کے ساتھہ۔

بسیار خوب زد - خوب بجایا۔

بہوا رفتہ است - ہوا پر اوڑا ہے۔

بلا فاصلہ پیدا شد - فوراً نظر آیا۔

باہم کلہ میزنند - آپسمین ٹکر مارین۔

بکارم - مین بوؤن - درخت لگاؤن۔

بسیار با اقتدار در اینجا حرکت میکردہ است

بڑے زور اور قدرت سے وہان رفتار کی ہے یعنی نہایت اقتدار سے کام کیا ہے۔

باچشم بستہ میخوابید - آنکھین بند کرکے لیٹا تھا۔

بازی درمی آورد - سوانگ یا نقل نکالتا تہا تماشا بنا کر لاتا تہا۔

بسینہ زدہ بودند - سینہ پر لگایا تہا۔

بطوریکہ امکان ندارد شخص ہوا اند تشخیص بدہد - اسطرح کہ ممکن نہین ہوسکتا انسان جو ہیے پہچان لے یا تشخیص کرے۔

بسبیل استمرار - ہمیشہ کے طریقہ پر۔

بدیوارہا کار میگزارند - دیوارون مین لگاتے ہین یا نصب کرتے ہین۔

بشخص کوسونام فرانسوی شوہر کردہ - ایک شخص سے کوسو فرانسیسی سے نکاح کرلیا ہے شوہر کردن سے نکاح کرنا مراد ہے۔

بسیار پردومی شود - بہت تیز دوڑنے والا ہوتا ہے۔

باہوش ورشید - عقلمند اور لائق۔

باکمال بنیہ بود - اچھی کاٹھی کے ساتھہ تھے یعنی اونکے جسم کی کاٹھی اچھی و مضبوط تھی۔

باپاہون زیاد دہوار فتہ است غبارے مین بیٹھہ کر بہت دفعہ اوڑا ہے۔

برای سان دادن جائزہ دینے کے واسطے۔

بنا کرد - شروع کیا۔

باپاروی اسپ پائین آمد گہوڑے پر پاؤن سے اوترا - یعنی گہوڑی کی پشت پر پاؤن سے آکر قائم ہوگیا۔

بدقت گردش کردیم خوب سیر کی اچھی طرح سیر کی۔

بزرگ پست بود - بہت چہوٹا تہا یا بہت نیچا تھا۔

بعمل آوردہ اند طیار کیا ہے - حاصل کیا ہے مثلاً درخت لگا کر اوس سے پہل حاصل کرنا بعمل آوردن ہے۔

باتخم خود شان - اونکے انڈے سمیت بازی میدہد - کہلاتا ہے۔

بہوا پرت میکرد - ہوا پر اوچہالتا تہا اور کچہ

پھینکتا تھا۔

بدم می آمد مجھے برا معلوم ہوتا تھا۔

بنای شلیک میگزارند بندوق چھوڑنا یا فیر کرنا شروع کرتے ہین۔

بکار نمیخورد کام کا نہین۔ یا کام مین نہین آتا۔

بروز نمیدہند۔ ظاہر نہین کرتے۔

بازوی دررفته۔ اوترا ہوا بازو یا اوترا ہوا ہاتھ۔

بار عرادہ اینجا معمول است باگاو می بندند۔ بوجہہ کا چھکڑا یہان معمول ہے بیل سے جوڑتے ہین۔

بنا را انقلاب گذاشت۔ اولٹ پلٹ ہونا شروع کیا۔

بایکدست اندرونی۔ ایک اندرونی درجہ کے ساتھہ۔

باید باین آب زد۔ اس پانی مین اوترنا چاہیئے

باین رودخانه باید زد۔ اس ندی مین اوترنا چاہیئے۔

بنائی کردہ بودند معماری کی تھی تعمیر صنعت کی تھی۔

بمرور دہور۔ زمانون کے گذرنے پر زمانہ گذرتے گذرتے۔

بدن عمارت۔ عمارت کا جسم ہیئت مجموعی۔

بستری بود۔ بیمار تھا۔ بستر پر پڑا تھا۔

باتیر کمانچه کش۔ سرنگی کے گز سے تیر کمانچہ سارنگی کے گز کو کہتے ہین۔

بدقت میکارند خوب سنبھال کر اچھی طرح بوتے ہین۔

بسیار بگرمی و مہربانی راہ افتادہ از تالار بتالار۔ نہایت گرمجوشی اور محبت سے ساتھہ چلکر ایک کمرے سے دوسرے کمرے مین۔

بطرز روشن ہای قدیم قدیمی خرابہ یا ویرانہ یا کھنڈر کے طرز پر یعنی ایسے ستون اور عمارت تھی جیسی زمانہ قدیم کے کھنڈر ہوتے ہین۔

بری نبود۔ سچیت نتھی۔ براءت نہتی۔

برپشت خوابیدہ۔ چت لیٹا ہوا۔

بر دو باتہہاست زیاد بہت بارچیت

بواسطہ یک سدّی و حایلی بسیار قشنگ

از دیگری سوا است - ایک نہایت خوبصورت دلوار اور پردہ کے واسطہ سے دوسری سے الگ ہے یا جدا ہے -

بلد راہ شدہ راہبر ہوکر واقفکار ہوکر -

بہم زدند - کہکوڑا - جہان مارا - جہڑ جہڑا دیا - ہلادالا

برای مارق - نشانہ کے واسطے - داؤ کیواسطے تاک لگانیکو -

ہوائی دست تفنگ انداختم دستی بندوق ماری -

بہ نجوی حرف میزنند آہستہ بات کرتے ہین اسطرح آہستہ بات کرتے ہین جیسے سرگوشی یا جسطرح رازآہستہ کہتے ہین - نجوی راز کو کہتے ہین -

باین میدانگاہ سر در می آورد اس میدان مین نکلتا ہے -

بالون زیادہ ہوا کردہ بودند بہت غبارے ہوا پر اوڑائے تہے -

بسیار ظریف - بہت نازک - بہت باریک -

بنا بودہ است - ٹہیر چکاہے مقرر ہوچکاہے ٹہیرایا جاچکا تہا - مقرر ہوچکا تہا -

بواسطہ گل سنگ فرش کردہ اند کیچڑ کے سبب سے پتہر بچہاتے ہین -

باغ سرپوشیدہ ساختہ - سقفدار باغ بناکر بعض ملکو مین اسلئے سرپوشیدہ یعنی چہت دار باغ بناتے ہین کہ گرم ملک کے درخت سردی سے محفوظ رہین - اکثر شیشہ کے چہت رکہتے ہین تاکہ دہوپ کو مانع نہو اور برف سے درخت پناہ مین رہے -

فصل با ء فارسی

پروتستان - ملت عیسوی سے ایک فریق ہے یہ لفظ انگریزی پراٹسٹنٹ سے Protestant معرب ہوا ہے اسکے معنے رومی عیسائی مذہب کا منکر رومن کاتہولک چرچ کے خلاف منکر صلیب پرستی ہوتے ہین -

اس مذہب کی کیفیت یہ ہے کہ بعد رفع سیدنا عیسی علیہ السلام کے کچہہ دنون تک اس مذہب کے لوگ حواریونکی پیروی کرتے رہے - اونکی زمانہ کے بعد تمام عیسائی گروہ پاپ یعنی پوپ روم کا مطیع اور پیرو ہوگیا - اور پوپ سیدنا عیسی علیہ السلام کا نائب وخلیفہ شمار ہونے لگا اس مذہب کا نام رومن کاتہولک

مشہور ہے چونکہ پوپ صاحب خود اور انکے نایب بشپ
اور پادری تمام عمر نکاح نہین کرتے بعد وفات
پوپ کے نایب قسیسو نمین سے ایک شخص جو علم ربانی
کا بڑا عالم ہوتا ہے پوپ بن جاتا ہے پندرہوین
صدی عیسوی مین پوپ روم کے نایب پادریون
مین سے ایک شخص موسوم بہ مارٹن لیوتہر نے
جو تمام جہان کے علماء ربانیون مین فایق تہا مذہب
صلیب پرستی کو جو آٹھ سو برس سے بسرپرستی پوپ
جاری تہا خلاف منشاء انجیل مقدس و احکام الہی
ثابت کرکے پوپ کو دجال قرار دیا اور ایک یورپی
گروہ نے لیوتہر کی بات مان کر جہالت صلیب پرستی
اور اطاعت بے معنی پوپ سے نجات پائی۔
چونکہ اس مذہب مین پوپ کے تمام اصولونکا انکار
کیا گیا ہے اسلیے اسکا نام پروٹسٹنٹ ہوا یعنی
رومی کلیسیا کا منکر اس زمانہ مین سلطنت انگلنڈ
روس۔ جرمن۔ پروشیہ وغیرہ سب پروٹسٹنٹ
ہین۔ صرف فرانس۔ اٹالیا وغیرہ پوپ کے قدیم
طریقہ پر قایم ہین اور رومن کاتہولک کہلاتے ہین۔

پروٹسٹانی پروٹسٹنٹ مذہب کا آدمی

پولٹیک تدبیر مملکت داری مصلحت ملکی
سیاست مدن۔ شخص مستند۔ فطری عقلمند۔ مشیر و
مصلح قوم یہ لفظ انگریزی پولٹیکس *Politics*
سے مفرس ہوا ہے۔

پولٹیک دان مصلحت ملکی کا جاننے والا
سیاست مدن سے واقف۔

پریزیڈان ناظم میر مجلس کارپرداز دولت
ناظم ولایت یہ لفظ انگریزی پریسیڈنٹ سے
President مفرس ہوا ہے۔

پاراد بروزن تاراج فوج کے جائزہ دینے
کی جگہ صف بندی کا مقام۔ پیرا جانیکی جگہ قواعد کا
میدان یہ لفظ انگریزی پریڈ *Parade*
سے مفرس ہوا ہے۔

پالیہ درخت خرما کھجور کا پیڑ خارک کا درخت
چہوارہ یہ لفظ انگریزی پیلم *Palm* سے
مفرس ہوا ہے۔

پرنس دوگال پرنس انگریزی مین شاہزادہ
کو کہتے ہین۔ دو۔ اضافت فرانسہ یعنی حرف
ڈی کو مفرس کیا ہے۔ گال زبان فرانس مین

ویلز کو کہتے ہین یعنی شاہزادہ ویلز۔ حضور قیصر ہند دام اقبالہا کے بڑے فرزند ولیعہد بہادر کا نام ہے جنکو پرنس آف ویلز کہتے ہین۔ چونکہ یہ اسم شریف ضروری المعرفت تہا اسلئے لغت مین درج ہوا۔

پالتو بروزن فالتو۔ پوستین سمور کا لبادہ پشم دار کہال کا لباس یہ لفظ پلیٹاٹ سے Paletot معرب ہوا ہے اسکو انگریزی مین پلٹری Peltry بھی کہتے ہین۔

پیانو ایک باجہ کا نام ہے۔

پَرک ۔ رمنا۔ شکارگاہ۔ یہ لفظ انگریزی پارک Park سے معرب ہوا ہے۔

پَرَکہا پرک کی جمع ہے۔ رمنے۔ شکارگاہین۔

پُوستہ بروزن دوختہ ڈاک خطوطکی روانگی کا کارخانہ یا دفتر یہ لفظ انگریزی پوسٹ سے Post سے معرب ہوا ہے عربی مین اسکو بوستہ کہتے ہین جو اسی کا معرب ہے۔

پرنس شاہزادہ یہ مشہور انگریزی لفظ ہے Prince

پرنسیس شاہزادی سین انگریزی مین تانیث کی علامت ہے۔ Princes

پاکٹ بٹوا کیسہ یہ لفظ انگریزی Packet پکیٹ سے معرب ہوا ہے۔

پانُورامَا نظارہ دورنما۔ کسی شہر یا مکان کا نقشہ اسطرح کہینچتے ہین کہ دور سے دیکہتے ہین یا آتی گلاس کے ذریعہ سے اصلی کیفیت نظر آتی ہے یہ لفظ انگریزی پینوریمہ Panorama سے معرب ہوا ہے۔

پاوِلون بنگلہ چہتری۔ کلاہ فرنگی ایسی شکل کا مکان جسکی چہت انگریزی ٹوپی کے مثل ہوتی ہے یہ لفظ انگریزی پویلین سے Pavilion معرب ہوا ہے۔

پاویلون ۔ بنگلہ یہ لفظ بھی وہی پویلین ہے جسکا ذکر اوپر ہوا بعض نسخون مین کاتب نے پاویون ہی لکہدیا ہے اس مین دو نقطہ غلطی کاتب ہے۔

پارلِمنٹ ۔ پارلیمنٹ ارکین سلطنت کی کونسل یہ لفظ مشہور پارلیمنٹ ہے۔

پاپ ۔ پوپ۔ رومی کلیسا کا سردار مذہب

روہن کا ہتولک کا پیشوا۔

پرستیدیجی تاسیون بازیگری شعبدہ بازی دست بندی۔ ہہان متی کا کہیل کرتب حقہ بازی یہ لفظ پریسٹی ڈیجی ٹیشن سے Prestidigitation مفرس ہوا ہے انگریزی مین پریسٹیج Prestige دہوکا شعبدہ بازی اور دست بندی کو کہتے ہین۔

پلہ زینہ۔ سیڑہی۔ درجہ۔ مرتبہ

پائین۔ پائین۔ نیچے۔ زیر۔ اور فصل خریف

پنجرہ۔ دریچہ۔ کہڑکی۔ جالی۔ جہروکہ

پول۔ روپیہ۔ پیسہ۔ نقدی۔

پول بزرگ بڑا روپیہ جسکو ریال کہتے ہین گلڈ وغیرہ قسم کے روپیہ۔ سب پول بزرگ ہین۔

پیشخدمتان کشیک پہرہ چوکی کے خدمتگار وہ خدمتگار جو چوکی پہرا اپنی باری کے ساتہہ آتے ہین۔

پرہ۔ چرخ کے ہر ایک تختہ کو پرہ کہتے ہین جسکی ہندی پنکہا ہے۔ پرہ چرخ یعنی چرخ کا پنکہا

پارو۔ بلیہ۔ بالس۔ ڈانڈ۔ چپو۔ بانہ جس سے کشتی چلاتے ہین۔

پرت شدن۔ کودنا۔ کہڑپنا۔ پہلنا۔ جست کرنا۔ اوچہلنا۔

پرگاہ۔ پہلن۔ پہلوان جگہہ۔ لڑکنے کا مقام۔

پنجہزار۔ ہزار ایک قران کو کہتے ہین جو ایران مین ایک نقرئی سکہ ہے قران کی قیمت ساڑہی چہہ آنہ یا سات آنہ ہوتے ہین ایک قران کو ہزار دینار کہتے ہین پنجہزار دو روپیہ۔ ۲ پائی اس ملک کے ہوتے ہین۔

پارچہ مفتول سونے چاندی کے تار کو مفتول کہتے ہین یعنی تار کا کپڑا۔ یا تار کا ٹکڑا کلابتون کو بھی مفتول کہتے ہین۔

پرتغال۔ نارنگی۔ سنترہ۔ کونلہ سنگترہ

پیشفنگ پیش کے معنے سامنے روبرو آگے۔ اور فنگ۔ تفنگ کا مخفف ہے یہ مرکب لفظ قواعد جنگ مین احترام شاہانہ کا ایک حکم ہے یعنی قواعد کی بولی۔ اسکی تعمیل اسطرح ہوتی ہے کہ

جسوقت بادشاہ یا فوج کا بڑا سردار سپاہی کے
پاس آتا ہے یا قریب سے گزرتا ہے تو سپاہی
خود بخود استمراری حکم کے موافق یا شام ملٹین افسر
کمان کے حکم سے اپنی بندوق کو دونون ہاتھون سے
اسطرح پکڑے ہوتے کہ مہری آسمان کو پاشنہ
زمین کیطرف سینہ کے مقابل سر سے بلند کر کے
پھر نیچے لاکر یہانتک کہ دہنا ہاتھہ ناف کے مقابل
اور بایان دونون رانون کے قریب بندوق کی نال
دونون آنکھون کے بیچ ناک کے سیدہ پر قایم
کرنے سے جنگی تعظیم ادا کرتا ہے اسکو انگریزی مین
پریزنٹ آرمس Present Arms کہتے ہین
اور عوام ہندوستانی فوجکے سپاہی فرجنٹ کی سلامی
فارسی قواعد جنگ مین پیشفنگ کہتے ہین یعنی ہتھیار
پیش کردیا نذر کرد ۔ یہ فعل اعلے درجہ کی
تعظیم ہے ۔

پا ۔ فٹ ۔ ایک پانو ۔ گز کا ایک ثلث حصہ

پاء انگلیس فٹ گز کا ثلث حصہ ۔

پول کاغذی روپیہ کے نوٹ کرنسی
نوٹ ٹکٹ ۔

پیش خدمت ۔ خدمتگار

پیش خدمت باشی افسر خدمتگاران

پشتناک پانون کی تھپکی جو ایک ساتھہ
دونون پانون سے ہو ۔

پوسیدہ ۔ گلا ہوا ۔ بوسیدہ

پرت ۔ اوچھالنا ۔ گرنا پھسلنا ۔

پر یورت پر منازل ایسا مکان جسمین
متعدد مکانات سکونت ہون ۔

پردہ دیہیمی تخت سلطنت کا پردہ

پلنگ ۔ گلدار شیر ۔ گل بگھا ۔ تیندوا ۔

پہن نشست جم کر بیٹھا ۔ پہن چوڑا اور
عریض ہے مگر یہ محاورہ ہے ۔

پسر داعی ماموں کا بیٹا ۔

پر شب پرہ ۔ چمگادڑ کے پر ۔

پر حاصل کثرت زراعت ایسی زمین
جہان کھیتی خوب ہوتی ہو ۔

پول سیاہ پیسہ ۔

پل صراط مسلمانون کے عقیدے مین
ایک پل دریاے عذاب و آتش کے اوپر واقعہ ہے

جیبر سے گزر کر بہشت جاودان مین پہنچتے ہین ۔

زُواوِ فرانسہ ملک فرانس مین ایک سپاہیونکا بیڑہ ہے جسطرح گردہ اور فرقہ

سپاہ کے انگریزی مین جدا جدا نام ہین اور سطح
پر بھی ایک قوم ہے - یہ لفظ فرانسہ خط مین اسطرح
Zouave ہے

زنبور عسل شہد کی مکھی - مہال
کی مکھی -

زنبورک ایک مشہور ہتہیار ہے -

زری - زربافت - تافتہ - تار ونکا بنا ہوا
کپڑا اوس مین تار چاندی کے ہون یا سونیکے -

زمستانی سردی کا - جاڑے کے
موسم کا -

زنگ - گہونگرو - گہنٹہ - گہنٹال -
گہڑیال - گہنٹی -

زنہائی ازدنیا گزشتہ
رومن کاتہولک مذہب کی تارک دنیا اور زاہد
عورتین جنکو انگریزی مین نن کہتے ہین -

زمینہ - زمین -

زمین گل کیچڑ - تر مٹی -

زین دار باشی گہی خانہ اور ساز و
سامان - اصطبل کا داروغہ -

زنخ - ٹہڈی - ٹہوڑی - چانہ -

زن و زندگی - گہر بار - بال بچے
یہ محاورہ ہے -

زراعت دیمی بارانی زراعت
جو مینہ سے پیدا ہو -

زمین خار - کانٹونکی زمین جہاڑ جہنکاڑ

زردی حاصل زراعت کا رنگ
کہیتی کا دہانی رنگ -

زہ کمان کا چلہ -

زرت کاری جوار کی کہیتی - مکئی یا
جوار کا کہیت یا زراعت جوار کا بونا -

محاورات و عبارتہای شرح طلب

زن تحتی ایک ننگی عورت -

زرد براقی چمکدار زرد رنگ -

زلفہا ریختہ لٹکتی ہوئی زلفین -

زمین خوردا تا عیب زرد گرہتا
مگر چوٹ نہین لگی -

زاد و ولد کردہ - جن بیاکر بچے ویکرہ

زن صیغہ من عیر رسم بغیر نمائش و آرائش کے گہر مین ڈالی ہوئی عورت جو بی بی سکوحہ یعنی بیاہتا کی برابر نہ حق رکہتی ہے نہ شریک ارث ہو۔

زوند و خواندند - بجایا اور گانے۔

زانو زمین زدہ - تعظیم کو جہکر - زانو ٹیک کر یا گہٹنہ ٹیک کر۔

زنگ میزدند گہنٹی بجاتے تھے۔

زیاد در کردند بہت نکالے یا اوڑائے یا چہوڑے۔

حرف ژاء فارسی

ژاردان باغ یہ انگریزی گارڈن Garden سے مفرس ہو۔

ژاولت - سانگہہ - برچھی کی بہال سنان ایسی برچھی جسمین دستہ یعنی ڈنڈا اور سنان سب ایک ٹکڑے لوہے کی ہو - یہ لفظ انگریز جیولوٹ Javelot کا مفرس ہے۔

ژنرال جنرال - جرنیل - مشہور عہدہ ہے یعنی سالار لشکر۔

ژنرال یہ بھی اوسی لفظ جنرل کا مفرس ہے

ژمیناستک اور ژیمی ناستیک کشتی کا فن - ورزش پہلوانی یہ لغت انگریزی جا ئیم نیسٹک Gymnastic سے مفرس ہوا ہے۔

ژاندارم شریف و نجیب - دلیر دلاور سپاہیونکا بیڑہ - یہ لفظ انگریزی جنس ڈی آرمس Gens de Armes مفرس ہوا ہے

ژاندارک یہ لفظ ایک پتہر کی مورت کے ذکر مین ہے یعنی مجسمہ ژاندارک لکہا ہے اس لفظ کی صحیح تحقیق ممکن نہو تی - مگر صرف اسقدر کہ اسکا انگریزی تلفظ اور فرانسہ خط کا اسپیل لکہدیا ہے - اسپیل اور املا صحیح ہونیکی حالت مین کسی بڑی ڈکشنری سے اسکو معنی مل سکتے ہین حقیر معذور رہا کہ کوئی انگریزی لغت یا فرانسہ زبان کی ڈکشنری اور کسی طرح شرح لکہنے کا قلیل و کثیر مادہ موجود نہین ہے نہ

ستہر مین بقیمت یا مستعار ل سکتا ہی یہ لفظ جوان دی
ارک Joan de Arc سے مفرس ہوا ہے -

ژاگوار ایک قسم کا شیر ہے گلدار تیندوے
کی شکل جسکے بدن پر سیاہ گل اور خاکی رنگ ہوتا ہے
ہندی مین بگھیرا اور بگھیلا کہتے ہین - یعنی شیر خورد
کیونکہ زبان ہندی مین لفظ لا تصغیر کے واسطے
آتا ہے - Jaguar

ژون - انگریزی مہینا مہینا جسکو جون
کہتے ہین -

ژاپونی جاپان کا باشندہ -

ژارتیر انگریزی سلطنت کا اعلے درجہ کا
نشان اعزاز ہے یہ لفظ گارٹر Garter
کا مفرس ہے -

حرف السین مہملہ

ساخلو قلعہ کے پاسبان فوج - محافظ
گارد جسکو انگریزی مین گیاریسن کہتے ہین یہ لفظ
ترکی ہے اور محافظت ونگاہبانی کے سوا
اور معنی مین بھی بولا جاتا ہے مثلاً ساخلو شما
میکشیدم - یعنی - مین آپکا انتظار
کر رہا تھا آپ کی راہ دیکھ رہا تھا - یا
کہتے ہین فلان شخص اوس کو ہر وقت
زیر نظر رکھتا ہے - یا صبح سے شام
تک تاک مین رہتا ہے - صبح تا صبح
ساخلوش میکشد - یا کہتے ہین میرے اوپر
پہرہ بیٹھا ہے - سرم ساخلو گذاشتہ است

سن - منظر - منظر - دیدگاہ - تماشاخانہ
مین سین اوس پردہ تصویر کو کہتے ہین جو اثنیج یعنی
صحن بازیگاہ پر لٹکایا جاتا ہے - یہ لفظ سین
Scene سے مفرس ہوا ہے -

سکوئی چبوترہ - مہتابی پشتی بان
پشتہ یہ لفظ اسکوائر Square کا مفرس ہے
معمول ہے کہ ہر بندرگاہ پر ایک پشتہ مثلث لکڑی
جزیرہ نما صورت پر دریا کے کنارے سے پانی
کے اندر کو پچاس چالیس گز تک لمبا بناتے ہین
اور سکے طرفین مین دریا کا کنارہ بطور تالاب کے
کھود کر اوسکے کنارے پختہ بنا دیتے ہین اور اس

پشتہ کے کنارہ کنارہ پتھر کی ایک نیم گزی میخین لشکر
پایہ ستون قایم کرتے ہین اسلئے کہ کشتیان بوٹ وغیرہ
اوس تالاب مین لاکران میخون سے باندہ دیتے
ہین کہ ہر قسم کے بحری صدمہ اور طوفان موج سے
بہی محفوظ رہین اور کنارہ پراسباب بہی بآسانی
اوتر چڑھ سکے گویا لنگرگاہ ہوتے ہین اس کے
سوا ہر ایک مہتابی اور مدور چبوترہ کو بہی سکوئی کہتے
ہین اور ہر معنی مین یہ لفظ اسی مادہ سے مشتق
ومفرس ہے ۔ عام چبوترہ کو بہی کہتے ہین۔

سیم - تار - لوہے کا ہو یا چاندی تانبا
پیتل وغیرہ کسی چیز کا ہو سب کو سیم کہتے ہین۔

سیگار ترکی چرٹ کاغذ مین لپٹا ہوا ترکی
یعنی بڑ ذرائی تنباکو کا چرٹ یہ لفظ انگریزی سگرٹ
Sigarett سے مفرس ہوا ہے۔
جگار اور جگارہ اسکا معرب ہے۔

سوارہ رسالہ - سوار و تخت چپ۔

سِرک چکردار راستہ ۔ مدور سرک جو
تماشاگاہ مین گہوڑا دوڑانے کے واسطے بناتے
ہین یہ لفظ انگریزی سرکس Circus سے

مفرس ہوا ہے ۔

سُوْرْ کنارہ چشمہ ندی کا یہ لفظ انگریزی مین
سورس Source ہے۔

سوراومن سور تو چشمہ ندی کا لفظ
او - اضافت انگریزی یعنی آف of کا مفرس
ہے اور من ایک ندی کا نام ہے - سورس اُف
من یعنی دریای من Source of Mum
کا چشمہ جہاں سے من نکلی ہے۔

سالدات اردنانس سالدات
سولجرس سے مفرس Soldiers ہوا ہے
اور اُردنانس آرڈی نی نس کے معنے جسکی شرح
حرف الف مین گذری سفینہ ہے یعنی سفینہ سپاہی

سیٹۃ شہر - آبادی - یہ لفظ انگریزی
سیٹی City سے مفرس ہوا ہے -

سوارکوراسیہ زرہ پوش رسالہ
لفظ کوراسیہ انگریزی کوئی ریسیر Cuirassier
سے مفرس ہوا ہے - زرہ پوش کو کہتے ہین۔

سِناء امیرونکی مجلس اعیان و اکابران
ملک کی قانونی مجلس یہ لفظ انگریزی سے سینٹ

سے Senate مفرس ہوا ہے۔

سناتی دولت سلطنت کا محکمہ یا۔

سنگ موزائق ایسا سنگ مرمر جسپر نقش و نگار اور تصویرین بنی ہون خواہ قدرتی طور پر ہون یا کسی مصور نے بنائے ہون۔ یہ لفظ انگریزی مانیک Mosaic سے مفرس ہوا ہے۔

سنگ موزائک نقش نگار سے منقش پتھر یہ بھی وہی اوپر کا لفظ اور اوسی ماخذ سے مفرس ہے۔

سنت مرک سنت مقدس۔ ولیا برگزیدہ۔ شہید۔ اور مرک ایک عیسائی ولی کا نام ہے یعنی مرقس یہ لفظ انگریزی سینت مارک Saint mark سے مفرس ہوا ہے۔

سینت الیائس مقدس یا عزیز رشتہ۔ مقبول رشتہ۔ ناتا یہ سلاطین سلف اور بزرگان یورپ کی تصویرین ہین جنکو سینت الیائس کہتے ہین یہ لفظ انگریزی سینٹ الینس Saint Alliance سے مفرس ہوا ہے اگر اس لفظ کا ماخذ سینت الی سائیس ہوتا Saint Elysains تو نہایت مناسب المعنی تہا کیونکہ اس کے معنے مقدس بہشتی گروہ برگزیدہ جنتی لوگ ہوتے ہین اور متوفیان سلف کے واسطہ ایسا خطاب سوائے رائج دنیا ہو نیکے موزون بہی ہے مگر ان تصویرات پر جو یہی نام لکہا ہے جو ہمنے اوپر کی عبارت مین اسکا ماخذ قرار دیا ہے۔

سنگ ملخیت سپید شفاف۔ چمکدار نقرئی رنگ کا ایک پتھر ہے یہ لفظ انگریزی میل چیٹ سے Malachite مفرس ہوا ہے۔

سیستم گرا بندوق کی ایک قسم کا نام ہے یعنی گراس قاعدہ کی بندوق سا سیستم قاعدہ کو کہتے ہین یہ لفظ گراس سا سیتشم Gras System کا مفرس ہو گرا بندوق پرانی چال کی جیسی تلنگونکے پاس بھی ہوتی تہے۔

سوارہ۔ بوفہ شب کو بطور سیرہ جور کہڑے کہڑے کہانا کہانا یکی دعوت سوارہ شب کی دعوت بعد نصف شب کے اور بوفہ کہڑے کہڑے چلتے پہرتے کہانا۔ واو جو سوارہ کے

بعد بطور عطف ہے وہ اضافت ہے یعنی اُف
کا مفرس ہے اور تلفظ میں ۔ او ۔ بولا جاتا ہے
یہ لفظ سپر اُف بوفٹ Supper of Buffet
کا مفرس ہے ۔

شُوْ پَہْ ایک دعوت کا نام ہے سوپ یخنی
اور آب گوشت کو کہتے ہیں یہ لفظ انگریزی سُوپْ
Soup کا مفرس ہے ۔

سِیَالِیسْتْ دُوْمُوکْراتْ طالبان جمہوری کا گروہ یا فریق یہ لفظ سائیلسٹ
ڈیماکراٹ Socialist democrat
سے مفرس ہوا ہے ۔

سَاپْخُوْ دون کیشوت کی شرح میں اسکا
ذکر بھی گزر گیا ۔

سَنْگِی پتھر کی بنی ہوئی کوئی چیز ۔

سِیگَارسَازی سگار بنانیکی صنعت
یا پیشہ ۔

سِگْ هَادْ باولا کتا ۔ بورانا کتا ۔ دیوانہ
کتا ۔

سَرهَنْگ کرنیل جو ایک فوج کا عہدہ ہے

سُوْ ۔ ترکی زبان میں پانی کو کہتے ہیں ۔

سَارِیْ اَصْلَانْ ۔ شیر زرد ۔
ساری زرد کو کہتے ہیں اور اصلان مخفف ہے
اَرْسلان کا جسکے معنے شیر ہوتے ہیں ۔

سِیم کَمانْچَہ سارنگی کا تار ۔

سَرکَشْتِی گھوڑ دوڑ کے گلے کو جہاں بچھیرے
پیدا ہوتے ہیں ۔ ایلچی اور اوسکو جائزہ یا ملاحظہ
یا انتخاب اور چھانٹ کو سرکشتی کہتے ہیں

سَرتِیْبْ پلٹن کا افسر ۔ عمل یا پیادہ
رسالہ کا رسالہ دار ۔

سَرْدَارِے ۔ لبادہ ۔ فرگل ۔ درازکوٹ

سَرْدَارِی خَزْ خز ادن اور پشم وغیرہ
شال سے بنا ہوا کپڑا ہوتا ہے ایسے کپڑے کا کوٹ

سَرْبَازْ ۔ سپاہی ۔ پیادہ ۔

سَرْبَازْخَانَہ سپاہیوں کی لین ۔

سَوَارَہ رسالہ ترپ ۔

سَرْبَالَا ۔ چڑھائی ۔ ڈھلوان بلند

سَرازِیر ۔ نیچان ۔ ڈھلان ۔ اتار ۔

سَرازِیرِے ۔ نیچا پن نشیب ۔

سراشیب ڈھلان نیچان نشیب اوتار۔

ساعت - گھڑی - گھنٹہ

سُمّہ - توپ بھرنے کا سُمبا۔

سَنجاق - شاہی جال - پٹلہ - حمائل دوال جو بطور صوبہ داری کے جال کے بادشاہ گلے مین ڈالتے ہین -

سرسکہ روپیہ کا اوپر کا رخ جسپر تصویر ہوتی ہے اور تہ سکہ اوسکی دوسری طرف کو کہتے ہین

سیوُرسات - رسد - سامان خوراک دانہ گھاس -

سَاچمہ بندوق کا چھرہ - گراب -

سوارۂ دراقون درگن جسکا ذکر حرف دال مین ہو چکا -

سوارۂ مکرمی اور **سوارۂ بختیاری** اور **سوارۂ ایلات** - مکری اور بختیاری قوم کے نام ہین - اور ایلات ترکان بادیہ نشین -

سنگ چین - ایسی تعمیر جو بغیر مصالحہ اور چونہ کے محض پتھرون سے چنی جائے ہندی مین ایسی تعمیر کو پارہ کی چنائی کہتے ہین -

سرائیدار - دربان - ڈیوڑہی کا ناظر

سرائیدار باشی دربانونکا داروغہ ناظر محلسرا۔

سَنج - جہانجھ - یہ ایک باجہ ہے یعنی پیتل کے دو مدور ٹکڑے باہم بجاتے ہین -

سیب زمینی - آلو - بٹانہ - چونکہ یہ پھل زمین کے اندر درخت کی جڑ مین ہوتا ہی اسلئے سیب زمین کہلاتا ہی -

سیم پی بکری کے روده - یا بہیٹی کا تانت یعنی تانت جو سارنگی رباب وغیرہ باجہ پر چڑہایا جاتا ہے اسکے علاوہ اور کام مین بھی آتی ہے -

سِیاه - حبشی - سیدی - کالا آدمی -

سرحمام حمام کا دوسرا درجہ -

سفرہ خانہ کہانا کہانے کا کمرہ

سرکوب مورچہ یا دمدمہ جو کسی بلند مقام پر قایم کیا جائے - وہ نشیب کے مقام کی نسبت سرکوب ہی -

سورنا - بانسری - نفیری -

سوارۂ ہنگری - ملک ہنگاریہ کے باشندوں کا رسالہ -

سبز قبا - ہریل - سبزک - ہریلا - ایک پرند جانور ہے -

سُبک - طرز - طرح - ترکیب - مانند

سر زندہ - بشاش - ہنس مکھ - زندہ دل آدمی -

سر در - دروازہ کے اوپر کا بالاخانہ -

سوارہ چاردولی - چاردولی قوم کا رسالہ -

سر نیزہ - برچھی کی پھال - سان نیزہ - پوری -

سُور - دیوار -

ساقہ درخت - درخت کا تنہ جڑ سے اوپر تک جہان شاخین ہوتی ہین ساقہ ہے -

سر پائین - نیچے کیطرف - اوتار - ڈھلان

سر عسکر - سپاہ سالار - کمانڈران چیف

سلخ - مہینے کے آخر یعنی چاندرات کا دن -

سنگلاخ - پتھریلی زمین جہان پتھر کنکر زیادہ ہون

سیم تلگراف - خبر کا تار - برقی تار

سبیل - مونچھین - مونچھ -

سُکّان - جہاز یا کشتی کی باگ جس سے جہاز کو ہر طرف پھیر سکتے ہین - جہاز کے سینے کے نیچے پانی کی طرف کو ایک مثلث تختہ لگا ہوتا ہے اوسکی حرکت دینے کے واسطے زنجیر بندھی ہوتی ہے کہ بیچ مین بیٹھکر جدھر چاہین پھرا سکتے ہین

سد - دیوار - روک - پشتہ -

سدود - سد کی جمع ہے - دیوارین -

سار - سیاہ رنگ کا ایک پرند جانور ہے کہ نہایت خوش الحان ہوتا ہے - اور ایک جانور آبی کو بھی سار کہتے ہین -

سفرائے خارجہ - بیرونی ایلچی غیر سلطنتون کے ایلچی -

سلام - دربار

سلام خاص - دربار لیوی -

سیرہ ایک پرند جانور کا نام ہے جو نہایت خوش الحان ہوتا ہے اور چڑیا کی برابر ہوتا ہے۔

سان ۔ ملاحظہ ۔ جائزہ ۔

سالدات روسی سپاہی یہ لفظ انگریزی سولجر کا Soldier مفرس ہے۔

سایر اور **سایرین** سب لوگ تمام آدمی۔

سراپردہ خیمہ ۔ ڈیرہ ۔

سرکردہ اور **سرکردگی**۔ افسر اور افسری

سنگ پتھر کی چٹان ۔

سکنی سکونت ۔ بود و باش ۔

ساحل اور **سواحل** دریا کا کنارہ اور کنارے ۔

سواد ۔ نواح ۔ آس پاس ۔ قرب ۔

سماق ایک پتھر نہایت شفاف اور سخت ابری مختلف رنگ کا ہوتا ہے ۔

سنگ سبیر ملک سیبریا کا پتھر جسکو یلخیت کہتے ہیں ۔

سنگر ۔ مورچہ ۔ دھس بندی ۔

سفیددار ایک کڑوے پھل کا درخت ہے ۔

ساعت مجلسی ٹائم پیس گھنٹہ

سربازی سپاہیانہ چیز ۔

سریشم سریش ۔

سنگ معدنی بلور وغیرہ قسم کے پتھر جو کان سے نکلتے ہیں ۔

سفیدکاری چونہ کی قلعی ۔

سقز رومی مصطکی جو ایک درخت کا گوند ہے

سرفہ کھانسی ۔

سیلاب ۔ رو ۔ رو کا پانی ۔

سرچشمہ رود جہاں سے ندی نکلتی ہے

سبزکاری ترکاری بونا ۔

سفت موٹا ۔

سباع درندے ۔

سرگیجی دماغ کی پریشانی ۔ سر پھرنا

سقف مقرنس ڈھلوان چھت جیسے کھپریل دو طرفہ ڈھلوان ہوتی ہے ۔

سرطان موسم ہے جبکہ آفتاب برج سرطان میں ہو۔

سیما پیشانی - ماتھا۔

ساطور تلوار - کھانڈہ -

ساپوژنیکوف سپوجین کف Sapogeni koff ایک قوم کا نام ہے

سنت اندر سلطنت روس کے نشان کا نام ہے Saint Andrew یعنی تمغہ اعزاز -

سویسی سوئٹزرلند کا باشندہ -

سردسیر ٹھنڈا ملک - برفانی اور گرمسیر گرم ملک -

عبارت و محاورات شرح طلب

سر کلیسا کہ ساعت باشد گرجا کی چوٹی گویا سر ساعت یعنی گھنٹہ کی چوٹی ہے۔ گرجا کے مینار پر گھنٹہ بنا ہوا تھا کہ چار طرف سے نمبر اور سوئیاں نظر آتی تھیں -

سوارہ قدری صحبت کردیم ہمنے سوار کھڑے کھڑے کسیقدر باتین کین -

سرش را گرد کردہ اوسکی چوٹی گول کر کے -

سرپا کھڑے کھڑے -

سیمی تلگراف مانند ایک تار خبر کی تار کی شکل -

ساز میزنند باجہ بجاتے ہین -

سنگین و تمام بود وزنی اور پورا تھا -

سہ مرتبہ چادری ہم زدہ بودند تین قطار خیمہ بھی کھڑے کئے تھے -

سرش گیج خوردہ - اوسکا سر پھر گیا یا چکرا گیا -

سنگ بزرگ تراش بنا ترشا ہوا پتھر بڑے ڈول کا -

سر در بیاورد نکالتا تھا - نکالے سر نکالے

سہ تا بالنسبہ بزرگ تین بہ نسبت اور ونکے بڑے -

سر از یر کرد - جھکایا - نیچا کیا -

سلام منعقد بود - دربار جمع تھا -

سان دیدیم ہمنے جائزہ لیا - یا ملاحظہ کیا -

سوا شدہ است جدا ہو گیا ہے یا علیحدہ

سوزکند - سبد نہ کرے نہ روکے

سرشام رات کے کہانے پر -

سرسہار صبح کے کہانے پر -

سکہار ا بازی میدا دکنون کو کہلاتا تہا

سرش را بُرید ند - اوسکو ذبح کیا سر بریدن ذبح کرنا -

سیم از پی ساختہ تانت یا پٹھے کا تار بنا کر -

سر التکان دادہ سر کو ہلا کر -

سلام می نشستہ دربار کیا ہے - دربار کو بیٹھا ہے -

سرتاخت صحبت دو شہین کو دوجاتے تہے

سر امبراطور قراول رفتہ شہنشاہ کا سرتاک کر شہنشاہ کے سر کو نشانہ باندھ کر -

سر تیز ہائی شاخہا سینگو نکی باریک نوکین -

سستم آخری کہ تو رندل میگوید

پہیلی سا سستم گر انبدوق جسکو تو رندل کہتے ہین

سیاہی لطرہیاے عرق را چید

زمین حبشی نے اسپرٹ کی بوتلون کو زمین پر چُن دیا -

حرف الشین منقوطہ

شنل - فرگل - لبادہ - باران کوٹ

یہ لفظ شلن Shalloon انگریزی سے معرب ہوا ہے - لغات کو معرب کرنے کے قاعدے نہین سے ایک قاعدہ یہ بہی ہے کہ حرف آخر کو اوس کے ماقبل سے مقدم و موخر کر دیتے ہین اور حروف علت بہی جو اظہار حرکت کیواسطے ہوتے ہین حذف کر دیے جاتے ہین یہ کوٹ غالبًا شہنشاہ نپولین بونا پارٹ کی وہ یادگار ہے جسکو اکثر معرکون مین زیب جسم فرمایا تہا اور بعد مرگ اور دفن جب اوسکی لاش جزیرہ سینٹ ہلینا سے حسب الطلب گورمنٹ فرانس فرانسہ کو روانہ ہونیکی غرض سے ۱۸۴۰ عیسوی مین بیس برس کے بعد قبر سے نکالی گئی تو اوسوقت بہی سہ گوشہ ٹوپی اور جنگی کوٹ جو مارنگو کی لڑائی مین اوسکے

بدن پر تھا اوس ہیبت ناک بارعب مردے کو پہنایا گیا اور بعد کو لندن کے عجائب خانون مین عجیب وغریب عبرت انگیز یادگار ہوکر رکھا گیا جزیرہ سنیٹ ہلینا جو ہندوستان اور انگلستان کے بیچ مین اور اوس وقت مین ایسٹ انڈیا کمپنی کے قبضہ مین تھا اور اس لیے نپولین وہان نظربند تھا یہ نشانیان دولت انگلش کے قبضہ مین ہین۔

شارژدافر بروزن چارقدنادر۔ نائب سفارت خانہ۔ ایلچی کا نائب اور دفتردار ایلچی گری یہ لفظ چارجڈافر Charged Affaire انگریزی سے مفرس ہوا ہے۔

شان دمارس فوج کی مشق اور قواعد کا میدان۔ پریڈ کا میدان۔ چاندماری۔ یہ لفظ انگریزی چیمپ ڈی مارس سے Champ de mans مفرس ہوا ہے۔

شسہ یا شوسہ سڑک کا گولہ طرفین سے کنارے کھود کر اور اینٹ یا پتھر وغیرہ سے بطور کھرنجہ جنکر بیچ مین کنکر کی سڑک بناتے ہین ایسے گولے کو شوسہ کہتے ہین۔ یہ لفظ چوسی سے مفرس ہوا ہے یعنی Chausse

شاسپو پہلی طرز کی پلٹن اور پیادہ سپاہ کی بندوق جیسے شسنائے سے پہلے رایج تھی۔ یہ لفظ چیسی پوٹ فرانسہ زبان سے Chassepot مفرس ہوا ہے۔

شیزی نونس یا شیزی ناپس فرستادہ۔ رسول۔ قاصد۔ پیغامبر۔ ایلچی شرعی برگزیدہ سفیر یہ لفظ چیجی نیشیو Chia i Nuncio سے مفرس ہوا ہے۔

شوالیہ۔ غازی۔ جوانمرد۔ بہادر پہلوان یہ لفظ چیولر انگریزی Chevalier سے مفرس ہوا ہے۔

شلیک توپ کی فیر۔

شیر۔ ٹونٹی۔ پیچدار کاک۔ پیراس کاک پانی نکالنے کا پیتل کا پیچ۔

شام رات کا کہانا۔

شاطر سائیں۔ نفر۔

شیپور بگل۔ قرنا۔ ترہی۔

شیپورچی۔ بگل چی۔ قرنانواز

شمس طلا سونے کا پانسہ۔ سونے کی اینٹ

شلاق مچی۔ چابک۔

شرق شلاق چابک کی آواز۔

شکتوک وہان۔ چانول معہ چھلکے کے۔

شکل قندی مخروطی شکل۔ گاودم مینار۔ قند کا کوزہ چونکہ مخروطی مینار کی صورت پر بناتے ہین اسلئے لوگ دار گاودم شکل کو قندی یا قندکی کہتے ہین۔

شکل قندکی ۔ مخروطی شکل قندی اور قندکی ایک ہی۔

شوکا ۔ جہانکہ۔ نیلہ گاؤ جو ایک چوپایہ حیوان اور صحرائی شکار کی قسم ہے۔

شال بوگ بڑا رومال جسکو سموسہ کرکے اوڑھتے ہین۔ اور اسباب بھی باندھتے ہین

شلیل بروزن جلیل ایک قسم کا شفتالو ہے جسکو شفترنگ بھی کہتے ہین۔

شیل بروزن نیل۔ کمیلہ۔ جانور ذبح کرنیکا کارخانہ مچھلی کے شکار کا ٹھیکہ۔ ماہی گیری۔

شیلات ماہی گیری وغیرہ گوشت کا کارخانہ۔ شیل کی جمع ہے۔

شب چرہ ۔ شب کی خوراک۔ رات کی غذا

شنگ بجلا اول غلہ مٹر جو ایک مشہور اناج ہے اور گیہونکے ساتھ بویا جاتا ہے۔ بیل ہوتی ہے اور پھلی لگتی ہے۔

شاہزادہ خانم بیگم شاہزادے نواب یا شاہزادے کی بی بی۔

شئونات ۔ شان۔ مرتبہ۔ اعزاز شان کی جمع ہے۔ یعنی قدر ومنزلت۔

شغف شوق۔ اشتیاق۔ آرزو۔ خواہش

شط ۔ کنارہ۔ دریا کا ساحل اور اصطلاحاً رودخانہ کو کہتے ہین۔ مثلاً شط کوند دریائے فرات اور شط بغداد۔ دجلہ ندی ہی۔

شمشیر نگاہداشتن

بادشاہ ایران کے دربار مین جب کوئی بڑا سردار سفیر یا وزیر مختار وغیرہ آتا ہی تو مکان دربار کے دروازہ پر اندر کی طرف چار آدمی ننگی تلوارین بلند اوٹھائے ہوئے کھڑے رہتے ہین تاکہ وہ شخص جسکی ملازمت ہوتی ہی تلوارون کے سایہ مین سے

گذرکر تسلیم وکورنش ادا کرے اس رسم کو شمشیر نگاہداشتن کہتے ہین -

شمرانات دار السلطنت ایران یعنی شہر طہران کے نواح مین دو تین میل پر ایک گانو معض انگور کے باغات اور بادام وغیرہ کے درختونکا ہے اوسکا نام شمران ہے - شمرانات اوسکے متعلق تمام باغات کو کہتے ہین یہ نام اسقدر مشہور ہے کہ عام انگوری باغ کو شمران کہنے لگے ہین -

شگوفہ - غنچہ - کلی -

شیخ الاسلام تمام مولوی اور ملاؤنکا افسر

شناگر - تیراک - شناور -

شعبہ - شاخ - نالہ - ٹکڑا -

شیرھا ٹونٹیان - پانی نکلنے کی ٹونٹی کو شیر کہتے ہین یہ جمع ہے -

شترمرغ ملک افریقہ کا ایک جانور ہے جسکا قد قریب اونٹ کے بچے کے ہوتا ہے -

شکار - ہرن - آہو -

شبکہ - جالی - سوراخدار ٹٹی - سوراخ -

شاہ پین - انگوری شراب کی ایک قسم ہے

شامات - ملک شام کا علاقہ -

شاہ نشین صدر دیوانخانہ کے اندر گز ڈیڑھ گز بلندی پر ایک محراب دار طاق ایک تخت کی گنجایش کے بقدر بناتے ہین اوسکو شاہ نشین کہتے ہین -

شلتوک کاری - وہان کی زراعت -

شغال - گیدڑ - سیار -

شبان - گڈریہ - چرواہا -

شاہ رسمی شاہانہ تکلفات اور شان کے ساتھ - رات کی دعوت - یا شب کا کھانا -

شستہ سنگی - پتھر کی سڑک - یعنی بیچمین سے پتھر کا بنایا ہوا گولہ -

شلوار - ازار - پاںجامہ -

شاطر باشی سائیسونکا جمعدار -

شاہسون ایک قوم کا نام ہے -

محاورات و عبارتہای شرح طلب

شیپور می زنند - بگل بجاتے ہین -

شیپور کشیدند - بگل بجایا -

شام ملوکانہ بسیار مفصل با عظمت صرف شد یا شام صرف شد یا **خوردہ شد** - شب کی شاہانہ ضیافت نہایت وسعت و عظمت کے ساتھ تناول ہوئی یا رات کا کھانا تناول ہوا - یا طعام شب کھایا گیا

شگفتہ و دست آمدہ بود کہلا اور اوگا ہوا درخت تخم سے اوگنا اور پہونچا دست آمدن سے

شاخ و برگ سرش را زدہ - اوسکی چوٹی کی شاخین اور پتے کاٹ کر یا چھانٹ کر

شاہ مرحوم غفران ماب فردوس منزل محمد علیشاہ بادشاہ ایران کا لقب ہے جو اعلیحضرت سلطان ناصر الدین شاہ قاجار بادشاہ حال کے والد تھے -

شکار ور کردند - ہرن نکالی یا جنگل میں سے ہنکائی - یا ظاہر کی -

---

حرف الصاد مہملہ

صندلی - کرسی - چوکی

صبح کود - صبح کاذب، صبح صادق سے اول وقت -

صاحب منصب عہدے دار

صدر اعظم وزیر اعظم

صاری آصلان - شیر زرد صاری زرد کو اور اصلان ارسلان کا مخفف ہے - شیر کو کہتے ہین یہ لفظ سین مہملہ سے لکھنا چاہیے مگر کاتبان عجم صاد اور سین کو اکثر مخلوط کرتے ہین -

صاحب دیوان رجسٹرار جنرل یا منشی

صحبت - بات چیت - گفتگو - باتین

صور - قرنا - نرسنگا - ترہی -

صبایا - بنات - بیٹیان -

صندوقدار داروغہ توشک خانہ شاہی

صدر - عہدہ ہے جسکے تعلق تمام علما اور آئمہ سادات کا خمس و وظائف وغیرہ ہوتا ہے -

صرف شبچرہ - شب کا کہانا کہانا - بطور نقل و تفنن

صرفہ - فائدہ - سود -

صدائی منکر - بُری آواز جو کانونکو بُری معلوم ہو۔

محاورات وعبارتہائے شرح طلب

صرف نمودیم - کہایا - تناول کیا۔

صرف ماکولات شد کہانے کہائے گئے۔

صوت میزد - آواز دیتا تہا - پکارتا تہا

صفوف قشون - فوج کی صفین۔

صندلیہا چیدہ کرسیان بچہاکر۔

صدکرور تومان متجاوز ضرر وارد آمدہ است بیس کرور روپیہ سے زیادہ نقصان وارد ہوا ہے۔

صحبت دولتی معاملات سلطنت کی باتین معاملات ملک کی نسبت گفتگو۔

صدا گرفتہ سرفہ میکردم - آواز بیٹہگئی تہی کہانستا تہا یعنی آواز بیٹہہ گئی تہی یا گلا گہٹا تہا اسلئے مجہے کہانسی اوٹہتی تہی۔

حرف الضاد معجمہ

ضرابخانہ ٹکسال - جہان روپیہ اشرفیان سکے کئے جاتے ہین۔

ضخیم - موٹا - دلدار چیز - دبیز۔

ضعف بنیہ جسم کا ضعف۔

حرف طاء مہملہ

طُلمبہ پانی پہینک کر آگ بجہانیکا آلہ - اوچہالنے کا آلہ یا انجن یا پانی اوڑانیکی کل آگ بجہانیکے واسطے یہ مشہور کارآمد آلہ ہر ایک بڑے شہر مین سرکار کیطرف سے رہتا ہے یہ لفظ ٹول پمپ tole pump انگریزی سے مفرس ہوا ہے۔

طلمبہ چی ٹول پمپ کے کارکن آگ بجہانے والے۔

طاق نصرت تہنیت ورود کا دروازہ یعنی جب کوئی بادشاہ یا وزیر یا نائب السلطنت کسی شہر مین وارد ہوتا ہے تو تہنیت ورود کے اظہار کی غرض سے سوائے روشنی اور آئین بندی کے لکڑی اور تختون وغیرہ سے ایک محرابا

دروازہ سر راہ گزر بنا کر اوسکو پہول اور سبز پتیون
سے آراستہ کرتے ہین، اور دعا بجا الفاظ تہنیت
اور دعائیہ فقرے لکہدیتے ہین اسکو ہندی
مین منڈوا کہتے ہین یہانتک رواج ہے
کہ بمبئی اور دکہن وغیرہ ممالک مین ہر ایک
خوشی اور شادی کتخدائی مین مکان شادی
کے سامنے منڈوا باندہتے ہین۔ فارسی مین
اسکو طاق نصرت کہتے ہین۔

طور جال۔ جالی دار کپڑا۔

طور سفید بابریٹ۔ جالی لوٹ
لوٹ جالی۔ جالدار کپڑے کی نقاب۔

طور ماہی مچھلیان پکڑنے کا جال

طاق آجری۔ اینٹ کی محراب
اینٹ کا دالان۔

طنبک طا مہملہ کے بعد والے نون
کو تلفظ مین میم پڑہنا چاہیے یعنی طمبک۔
ڈہولک۔ طبلہ۔ مردنگ ڈہولکی

طالبی چہوٹی قسم کا خربزہ جیسا لکہنو
کا چتلہ خربزہ بلکہ غالباً چتلہ ایرانی طالبی کا حکم ہے

طپانچہ شش لولہ چہہ نالہ
طپنچہ۔

طبل شب رات کی نوبت۔

طناب۔ رسی۔ پہانسی۔

طناب انداختن پہانسی دینا

طلاب طالب علم۔ طلبہ۔

طبق کش۔ خوان اوٹہانیوالا
بوجہہ اوٹہانے والا۔ حمال۔ مزدور۔
بیل گری۔

طبل سربازی۔ پلٹن کا ڈہول۔

طولہ چہوٹی قسم کا کتا پلّہ یعنی کسی کتے کا بچہ

طولہ شکاری۔ فاکسونڈ کتا جو شکار
کی بو پر جاکر شکار کو تلاش کر لیتا ہے۔

طبل نقارہ۔ ڈہول۔

طالش ایک قوم کا نام ہے۔

طراوت۔ ہریالی۔ سبزی۔
تری وتازگی۔

طناب قطور موٹی رسی۔

طرف اغلب۔ غالب طرف۔

طنازی انداز و خوبی رفتار - چال ڈھال

طاق محراب - لداؤ - ڈاٹ -

طائفہ مالا کان - ایک قوم ہے

طیور - طائر کی جمع ہے - یعنی پرند جانور

طلسم زنگولہ داستان اور کہانی ہین زنگولہ - اور وآمہ - اور شاکہ جادوگر ونکو نام ہین - اور اونکے متعلق طلسم قرار دیے ہین -

محاورات و عبارتہا شرح طلب

طاق زدہ - محراب بنا کر - لداو بنا کر -

طپانچہ می انداختند طپنچہ چھوڑتے تھے یا تارتے تھے -

طور سفید می بسر انداختہ سفید جالی کی نقاب منہ پر ڈالکر - یا ڈالے ہوئے

حرف العین مہملہ

عکاس مصور - فوٹو گرافر عکسی تصویر اوتارنے والا -

عکاسباشی مصور - افسر تصویر خانہ

عکاسخانہ - تصویر خانہ - جہان تصویرین اوتاری جاتین -

عقرب ساعت و عقرب ساعت - گھڑی کی سوئی - یا کانٹا -

علف ہرزہ - جھاڑ - جھنکاڑ - بیکار گھاس - ستیاناسی -

عموئی تنی - رشتہ کا چچا - حقیقی کے سوا -

عرادہ رہکلہ - ڈھری - پھرہیا تانگہ - رتھ کی ٹھوکر -

عرشہ جہاز مین سب سے زیادہ بلند مقام جسپر ناوخدا یا کپتان رہتا ہے

عرق شراب - اسپرٹ آف وین -

عصرانہ عصر کے وقت کا کھانا

عملہ و فعلہ - راج - مزدور - قلی بیلدار چنانچہ قلی اور مزدور کے کام کو فعلگی کہتے ہین -

عملہ احتساب پولیس کا گروہ

کنسُبل۔

عفریت۔ دیو۔ شیطان۔

عتبات عتبہ کی جمع ہے یعنی آستانہ چوکھٹ۔ کربلا معلےٰ یعنی مشہد حضرت امام حسین علیہ السلام اور کاظمین علیہم السلام اور مشہد مقدس طوس وغیرہ مقامات متبرکہ سے مراد ہے۔

عبور و مرور آمد و رفت۔ گزر۔ اوتار۔

عفن سڑا ہوا۔ بدبودار۔

عید مولود حضرت پیغمبر علیہ السلام کی ولادت کا روز یعنی میلاد مقدس کی عید

عسکر۔ لشکر۔ فوج۔

عسکریہ لشکر کا لشکری۔

علامت شیر و خورشید سلطنت ایران کا مارک ہے۔

عاج۔ ہاتھی کا دانت۔

علف زمین۔ زمین کی خودرو گھاس

علف زار۔ ہریالی۔ سبزہ۔

گھاس کا جنگل۔

علف گندم۔ گیہوں کا درخت۔

علف چمنا۔ چمنا چمن کی جمع ہے یعنی چمن ہا۔ خودرو گھاس جو بے ترتیب بڑھی ہوئی ہو۔

عجالتہً وقت کے وقت۔ جلدی میں

عظیم الجثہ بڑا قوی ہیکل۔

عزل۔ معزول کیا جانا کام سے یا عہدہ سے اوتار دینا۔

عروسی۔ بیاہ۔ نکاح۔ شادی۔

عنکبوت مکڑی۔ مکڑا۔

عصر تنگ و عصر بلند عصر کا تنگ وقت یعنی قریب غروب اور کشادہ وقت و عصر بلند

عساکر ضبطیہ پولیس کی فوج

عابر و عابرین راہ گیر۔ راستہ چلنے والا عابرین جمع ہے۔

عرض لشکر فوج کا جائزہ۔ یا ملاحظہ

عمل آوردن ماھی مچھلیاں پال کر بڑھانا اور انڈوں سے پیدا کرانا۔

عقاب فرانسہ سلطنت فرانسہ کا نشان مبارک ہے۔

عشری از اعشار دسوین حصوں کا دسوان حصہ

عجلہ۔ جلدی۔ تیزی سے۔

عمل ابتیاع۔ خریدنا۔ مول لینا۔ بیع کا کام۔

عمّہ۔ پہوپی۔ باپ کی بہن۔

عوض شدن۔ بدلنا۔ بدلا جانا۔

عواقب۔ آخر۔ انجام کار۔ آخرین۔

عطر گلہا پہولونکی بو۔

علی سبیل الرسم رسم کے طریقہ پر یعنی جسطرح بادشاہ ہونکے حضور مین دربار عرض کرنیکا قاعدہ ہے۔

علی الرسم عرض کرد یعنی قاعدہ دربار اور ملاحظہ واب شاہی کے موافق عرض کیا۔

عمل می اورند۔ پیدا کرتے ہین حاصل کرتے ہین۔ مثلاً درخت لگاکر پہل حاصل کرنا یا انڈے سے رکہکر جانورکے بچے نکلوانا وغیرہ عمل آوردن ہے۔

عادت بہ لشکری میدہند یعنی سپہگری کی عادت ڈالتے ہین۔

حرف الغین معجمہ

غلط لڑہکنی۔ لڑہکانا۔

غلطک لڑہکادینا۔ لوٹنا۔ لوٹنی لینا کروٹ کروٹین لیتے چلے جانا۔

غلیان۔ حقہ۔ گڑگڑی۔

غلیان نی پیچ پیچوان۔ پیچہ کا حقہ۔ شاک دار حقہ۔

غدغن دولتی ممانعت سلطنت کی طرف سے ممانعت۔ حاکم کیطرف سے تاکید اندیش۔

غرس۔ درخت لگانا۔ پودا لگانا پنیری جمانا۔ بونا۔

غمزات آنکہین مچمچانا آنکہین کہولنا اور بند کرنا۔ آنکہہ سے اشارہ کرنا۔

غلامان کشیک خانہ پہرہ چوکی کے خدمتگار

غلہ دیوانی سرکاری غلہ کا گودام فرانسیسی ایک عمارت سرکاری گندم و غلہ جات سے متعلق تھی اوسکا ذکر ہے اور اخبار غلہ دیوانی لکھا ہے یعنی سرکاری غلہ کا گودام کیونکہ اخبار سرکار گودام کو کہتے ہین۔

غلام گردش عمارت کا بیرونی درجہ جو بطور برآمدہ خدمتگارون کے واسطے بنایا جاتا ہے۔

غیاث وند ایک قوم کا نام ہے

غیر نظامی جو جنگی نہو یا جسکا تعلق سپاہ سے نہو۔

غربا۔ غریب کی جمع ہے یعنی مسافر

غرہ ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ غرہ اور چاندرات سلخ کہلاتی ہے۔

غلام ہائی کردما کوئی۔ ماکو کرد قوم کرد کا ایک قبیلہ ہے جو علاقہ ماکو مین رہتے ہین۔

محاورات و عبارتہاے شرح طلب

غیب میگفت ۔ یعنی غائب کا حال بیان کرتا تھا۔

غالباً آفتاب اکثر دہوپ رہتی ہے۔

حرف الفاء

فروند بروزن فرزند ۔ یہ لفظ کشتی اور جہاز کی تعداد پر آتا ہے مثلاً ایک فروند کشتی اور دو فروند جہاز ۔ جسطرح ہر ایک نوع کے شمار کے واسطہ ایک لفظ مخصوص ہے یعنی پرند جانور کو قطعہ اور شکاری کتے جیسے وغیرہ کو قلادہ ۔ اور گہوڑے بیل کو راس وغیرہ لکھتے ہین اسکے سوا فروند اوس لکڑی کو کہتے ہین جو کواڑ کے پیچھے بند کرنے کے واسطے بجاے کنڈی یا زنجیر کے لگاتے ہین ۔ اور آگل یا بلی مشہور ہے ۔ اور کشتی کی پیندی مین ایک لکڑی بہی فروند موسوم ہوتی ہے۔

فوذگن آفس غیر سلطنتونکی متعلق

کا م کا دفتر وزارت دول خارجہ کا دفتر
یہ لفظ انگریزی فارن آفس Foreign offce
سے مفرس ہوا ہے۔

فزیک بروزن شریک طبعیات طبیعی علم
موجودات - علم حکمت طبیعی یہ لفظ انگریزی
فاسِکُ Physic سے مفرس ہوا ہے۔

فسیل حیوانات کی تشریح کا اسباب
یا حیوانات کی ہڈیاں - جانوروں کی استخوان
یہ لفظ انگریزی فاسیل Fossil سے
مفرس ہوا ہے۔

فشنگ بروزن فرنگ کارتوس یعنی دق
کا تیر جسمیں گولی باروت سب بھری ہوئی ہو
فشنگ فلزی پیتل یا تانبے کے ورق
کے کارتوس یعنی جسمین کاغذ کی جگہ پیتل کا ورق
استعمال کئے ہین -

فوران آب - جوش - پانی کا ابلنا
یا اوڑنا -

فرش فرنگی انگریزی قالی جسکی
پٹیاں سنکر آتی ہین -

فرش صورتی تصویردار منقش
قالی جسکو آرایش کے واسطہ دیوار وغیرہ پر لگاتے ہیں

فراعنہ مصر مصر کے پہلے
بادشاہونکا لقب فرعون ہوتا تہا جیسا کہ شاہان
روم قیصر - اور شہنشاہان چین فغفور - اور
شاہان حبش نجاشی لقب سے مشہور ہین مگر
جب سے ولید ابن مصعب فرعون آخر نے
جو حضرت موسے پیغمبر علیہ السلام کے زمانہ مین
تہا دعوے خدائی کیا اور حضرت موسے پیغمبر
کے ہمراہی بنی اسرائیل قوم کا تعاقب کرنیکی
حالت مین بحر قلزم مین غرق ہوگیا - لقب فرعون
بدنام اور مکروہ خلائق ہونیکی وجہہ سے ترک
ہوگیا - جس شخص کا نام فرعون کہا جائے سمجہنا
چاہئے کہ حضرت موسے کے زمانہ سے پہلے
کا ذکر ہے -

فعلہ اور **فعلگی** - مزدور - مزدوری
قلی - اور اجرت پر بیلداری -

فرسنگ تین میل کی برابر ہوتا ہے
فرسخ فرسنگ کا معرب ہے -

فراش باشی چوبدارونکا جمعدار یا افسر

فراش چوبدار - نقیب -

فک میل دریائی - سمندر کا ہاتھی -

فوج - پیادہ سپاہیونکا دستہ - پلٹن -

فنجان چاء کی پیالی -

فضا صحن - کشادہ جگہ -

فوج خاصہ و فوج افشار و فوج امیری و فوج شقاقی سب پلٹنونکے نام ہین -

فرق - فرقہ - گروہ - فریق -

فرانک یا فرنک فرانس کا ایک نقرئی سکہ ہے -

فرارا بہاگ کر -

فقرہ بہ فقرہ ٹکڑے ٹکڑے پر - جابجا - حصہ بہ حصہ -

فوارہ افشان - چہٹنے والا فوارہ ہزارہ چرخ دار -

فراہانی - فراہان کا - یا فراہان کا بنا ہوا -

فتح کرسی مقام کرسی Cressy کے فتح - چونکہ یہ لفظ کرسی پڑہا جانے کے واسطے مشکوک تہا اسلئے اصلی نام لکھا گیا - اور یہ ایک مقام کا نام ہے جہان لوئی فلپ چہارم شاہ فرانسہ اور اڈوارڈ سیوم بادشاہ انگلینڈ کے باہم لڑائی ہوئی تہی اور اڈوارڈ نے فتح کیا -

فالج یا فالجہ - اپاہج - لولا لنگڑا - جسکے ہاتہہ پانون رہجاہین

محاورات و عبارتہا شرح طلب

فنجان قہوہ خوری با زیر طلا

قہوہ پینے کی یا چاء پینے کی پیالیان معہ سونیکی پینڈی یا بیٹہک کے -

فوق العادہ معمول سے بڑہ کر حد سے زیادہ -

فشار دادہ - دبا کر -

فرق بدہم - فرق کر سکون - یا جدا جدا پہچان لون - یا دو چیزین باہم تمیز کر سکون

فرق زیادی حالا در فرانسہ پیدا شدہ

آجکل فرانس مین بہت سے فرق ہوے ہین -

فرار میداد - بھگا دیتا تھا -
فوراً بنائے رقص و آواز آگنز اشتند
فوراً ناچنا گانا شروع کیا -

حرف القاف

قرانتین - چلہ - چالیس روزہ مدت
یہ لفظ ایک اصطلاح ہے اس معاملہ مین جب
کسی جہاز کے مسافرون مین وبائی و متعدی
مرض عارض ہوتا ہے تو اوسکو آبادی مین
جانے سے روک کر ایک مقام معینہ پر ٹھہرا
دیتے ہین اور بقدر ضرورت میعاد یعنی جبتک
کہ اثر مرض مسافرون سے زائل ہو جاے
مقید رکھتے ہین - اسکو انگریزی مین حالت کورنٹین
کہتے ہین یعنی چلہ Quarantine
یہ لفظ انگریزی سے معرب ہوکر ترکی سلطنت مین
قرانتین - اور قرنطینہ - موسوم ہوا ہے
اسی طرح فارسی اور اردو مین بھی بولا جاتا ہے
اگرچہ یہ امر ضروری نہین ہے کہ بیمار روکا جاے اتنے
چلہ بھر ہی مقیم و مقید رکھا جاے بلکہ حسب ضرورت
چندروزہ احتیاط کیجاتی ہے - مگر غایت میعاد چونکہ
ایک چلہ ہے اسلئے عام طور اور ہر میعاد پر یہی
لفظ مستعمل ہوتا ہے اور امراض متعدی کا اثر
دفع کرنیکی غرض سے جہاز روک دینے کے
واسطے حکم ہوگیا ہے یہانتک کہ ایسی قیامگاہ
کو بھی قرانتین یا قرنطینہ کہتے ہین - اور اس
قیام کی فیس یا محصول بھی قرنطینہ کہلاتی ہین

قونسول - شہبندر تجار - بالیوز
ہر ایک بندر - اور تجارت گاہ بزرگ کو مقام پر
سلطنت کیطرف سے ایک افسر تجارت و
رعیت رہتا ہے جو اپنے ملک کی رعایا اور
تجارت وغیرہ معاملات کا نگران اور سربراہ
رہتا ہے - اور اوسکو بادشاہ کے خالص
رعایا کے معاملات و قضایا سب اوسکی
طرف رجوع ہوتے ہین مگر جبکہ متخاصمین
سے ایک شخص اس ملک کا ہو تو اس گورنمنٹ
سے تجویز و تصفیہ نزاع کا تعلق ہے -
انگریزی مین یہ عہدہ بلقب کانسل مخاطب
ہوتا ہے - قونسول - یا قنسل یا قنسول

کانسل سے Consul
معرب ہوا ہے اور محررہ بالا تینوں طرح سے
لکھا جاتا ہے -

قراونگیز - بہت سیاہ - نہایت کالا
ترکی ہیں قرا سیاہ کو کہتے ہیں اور گیز افعل التفضیل
کی علامت ہے جیسا چنگیز یعنی خان بزرگ
بحر سیاہ - بحر اسود - یا بلاک سی - کو بحر قراونگیز
کہتے ہیں

قراولی - حراست - حفاظت - طلایہ
روند - گشت - پہرہ - چوکی - نگہبانی -

قشلاق سردی کے موسم میں
رہنے کا مقام جیسے گرمیوں میں رہنے کی جگہہ
کو ئیلاق کہتے ہیں -

قرا - سیاہ - کالا - یہ ترکی لفظ ہی -

قراطاغ - کالا پہاڑ - کوہ سیاہ -

قراداغ - کالا پہاڑ - کوہ سیاہ -
جبل اسود -

قاطر - خچر - ال - بغل -

قشنگ بروزن قرنگ - خوبصورت
خوشنما -

قایق - بروزن فایق - ناؤ - بوٹ
چھوٹی کشتی -

قایقچی - ملاح - مانجھی - کھیوٹ -

قہوہچی - چا ساز - چا پلانیوالا
قہوہ بنانے والا

قہوہچی باشی کافیخانہ کا افسر
چاءخانہ کا افسر

قرقاول - چین کا تیتر - تیتر -
چین کی مرغی -

قرقاول طلائی - مرغ زرین
اسٹریلیا کا سنہری تیتر -

قراول - چوکیدار - محافظ - نگہبان
پہرہ دار -

قراول خانہ سپاہیونکی چوکی
تھانہ - چوکیدار کا مقام -

قور ہتیار - اسلحہ - سنستر

قورخانہ - اسلحہ خانہ - ہتیار رکھنا
میگزین -

قورچی - اسلحہ بردار - شاہی باڈی گارڈ کا افسر جو بادشاہ کی جان کا محافظ ہو - اجودان شاہی - جنگی پرائیویٹ سکرتری -

قطور - موٹا گول یعنی گولائی کا ساتھ موٹا -

قراغوش - باز شکاری - سیاہ باز

قراقوش - باز سیاہ - باز شکاری -

قرغو - باز - قراقوش اور قرغو ایک چیز ہے

قمہ - بروزن رمہ ہتیار کی ایک قسم ہے جو خنجر کی برابر اور چوڑا پہل خمدار سوسن پتی کے شکل پر اور جمبیہ کی دستہ کی طرح کا دستہ ہوتا ہے

قدارہ - بروزن سیارہ درخت کنیر کے پتی کی شکل پر ایک تلوار ہوتی ہے اوس کو قدارہ کہتے ہین - ہندوستان مین اس ہتیار کو کتی کا کہانڈہ کہتے ہین -

قطی حلبی - ٹین کی ڈبیا یا پٹارے -

قوچ - پہاڑی میڈا - میش کوہی -

قطیفہ - ٹیکہ - انگوچھا - دوپٹا

قطفہ - ٹیکہ - انگوچہا - دوپٹہ -

قنات - پانی کا نمبا یا راجہا - یا ایسی گول کہ سو سو دو دو سو گز کے فاصلہ سے کوئین کہود کر ایک کنوئین سے دوسرے مین نالی کہود کر پانی جاری کرتے ہین اور سطح کنوؤن سے مدد دیتے ہوئے کہیت یا باغ تک لیجاتے ہین ایسی گول کو قنات کہتے ہین اور اکثر اوپر سے پاٹا ہوا رکہتے ہین اندر اندر پانی جاری رہتا ہے -

قنوات - قنات کی جمع ہے -

قلاج - پیچ - بل - ہرن وغیرہ حیوانات کے سینگون مین جو پیچدار اوبہرے ہوئے حلقہ اور گرہ ہوتی ہین اون کو بہی قلاج کہتے ہین -

قارچران - بط چرانے والا بطخ کا محافظ - مرغی میجر -

قرق - بند - معطل - ضبط - روکا ہوا -

قزل آلا - مچھلی کی ایک قسم ہے جیکے سپید جسم پر سرخ داغ ہوتے ہین -

قاب سیگار - سیگار رکہنے کی

ڈبہا۔ قاب - جو کہنہ کو کہتے ہین چونکہ سیگار
کی ڈبہا جو کہنہ نما ہوتی ہے اس لئے اوسکو بھی
قاب کہتے ہین۔

قارچ - ککرمتا - کہبی - سانپ کی
چہتری - یہ درخت بغیر تخم گلی لکڑی وغیرہ
مادّہ سے برسات مین خود بخود پیدا ہوتا ہے
اور اسکی دو قسم ہین ایک نوع کو جو کہبی کہلاتی ہے
پکاکر ترکاری کی طرح کہاتے ہین۔

قازلاق ایک خوش آواز چہوٹا سا
پرند جانور ہوتا ہے جسکو جنڈول یا اگن کہتے ہین

قشون - لشکر - فوج - سپاہ -

قوقہ ایک قسم کا کبوتر ہوتا ہے جسکی
آنکھین بہت بڑی اور دور مین سرخ حلقہ ہوتا ہے
اکثر ایسی نسل بصرہ وغیرہ عراق عرب مین
پیدا ہوتی ہے۔

قوہ بہ قوہ - جہان تہان مسافت
بہ مسافت قطعہ بہ قطعہ۔

قبوض قبض کی جمع ہے - پرمیسری
یعنی نوٹ اور چک اور پرامیسری نوٹ وغیرہ کا

نمک چہلنے کی کلین اور ٹریزری بند -

قشون چریک بیگاری فوج
سپاہ ملیشیا - اسکا [illegible] شرح جیم فارسی
[illegible]

قطعی - قطع کیا ہوا - ٹکڑے
ٹکڑے کاٹا ہوا -

قیراط ایک وزن ہے جسکی مقدار ۴ گندم
ہے -

قناری ہلکے زرد رنگ کا چڑیا برابر
ایک خوش الحان پرندہ ہے - یہ لفظ انگریزی کا غیر
Canary سے مفرس ہوا ہے -

قشونی - لشکری - سپاہی - ملیشیا آدمی

قلل قلہ کی جمع ہے پہاڑ کی چوٹی -

قندی شکل مخروطی شکل -

قراء قریہ کی جمع ہے یعنی گانو -

قرمز - سرخ رنگ -

قوئی مرغ آبی - بہت بڑی قاز یعنی
مرغابی کی سب سے بڑی قسم ہے -

قوئی سفید و قوئی سیاہ

سُرخی مرغابی - سیاہ اور سپید دو لون رنگ کی ہوتی ہے -

قُوللر آقاسی غلامونکا سردار پرائیوٹ چیمبرلین - ناظر خلوت - عرض بیگی یا حاجب خلوت -

قائینی منسوب بہ قاین یعنی شہر قاین کا -

قالی قائینی - شہر قاین کا بنا ہوا غالیچہ -

قراباغی شہر قراباغ کا رہنے والا -

قزاق ملک روس مین ایک قوم ہے اور یہ قوم کاسک Cossacks کہلاتی ہے

قوچ ارقالی پہاڑی مینڈھے کی ایک قسم ہے -

قلاع قلعہ کی جمع ہے -

قصر الحمرا ملک اندلس یا اسپین مین عربون نے اپنی سلطنت کے زمانہ مین اس نام کی ایک نہایت عالیشان عمارت بنائی تھی -

قلیان حقہ - گڑگڑی - کلی -

قوطی مینائی طلا سونے کے مینا کار ڈبیا یا صندوقچہ -

قطر - دائرہ کے وسط کا خط موٹائی خصوصاً گول چیز کی - قطور قطر دار چیز -

قصور قصر کی جمع ہے - یعنی عمارت عالیشان مکان -

قزلباش سُرخ سر والے یعنی سرخ کلاہ اور ایک قوم کا ایران مین لقب تھا جو سلاطین صفویہ کی سپاہ تھی -

قلعہ آجری اینٹ کا قلعہ -

قال و مقال - بول چال - گفتگو -

قوری گل مٹی کی چاء دانی - اور ایک قصبہ کا نام ہے -

قرہ قوینلو کالی بکریون والے ترکوں کی ایک قوم ہے - اعلیحضرت سلطان روم اسی قبیلہ سے ہین -

قصیر القامت - چھوٹے قد کا آدمی -

قوس قزح دھنک جو بارش کے بعد آسمان پر نظر آتی ہو۔ کمان شیطان۔

قدغن۔ تاکید۔ ممانعت۔

قر قر۔ گاڑی کی گھڑ گھڑاہت۔ یعنے گھڑ گھڑ۔

قرہ چی۔ ایک قوم کا نام ہے۔

قصر بازی لیکی قصر خوابگاہ بازی لیکی یا بیلاک حرف با موحدہ مین لکھا گیا۔

قیاصرہ سلاطین روم جو عملداری اسلام سے پہلے مسلط تھے۔

قالموق ایک قوم ہے جو عیسائی بت پرست وغیرہ مذاہب رکھتے ہین۔

قوموق ایک قوم ہے۔

قوی سُو۔ آب مرغابی۔ مرغابی کا پانی۔

قطب قطب نما سے مراد ہے۔

قازو حشی گنج مرغابی۔ قبہ جنگلی بط۔ اور پالی ہوئی بط کو اہلی کہتے ہین۔

قلندری ایک خیمہ کی قسم ہے جو حرف جیم فارسی لفظ چادر پوش قلندری مین لکھا گیا۔

محاورات وعبارتہای شرح طلب

قراول رفتہ۔ نشانہ باندہ کر۔ تاک کر سیدہ باندھ کر۔

قسمت شانرا میگذاشت اونکا حصہ رکھدیتا تھا۔

قس علی ہذا۔ اسی پر قیاس کرو۔

قدری از دیوار را بطور خروجی از کاشی سفید جلو آوردہ اند دیوار مین سے کسیقدر کو اوبھروان طور پر یعنی باہر کو نکلا ہوا سفید قلعی یا چونہ سے ابہار لائے ہین یا نکال لائے ہین۔

قلمی از مطلا کہ مداد داشت سنہری قلم یعنی ملمع دار کہ سیاہی رکھتا تھا یعنی پنسل تھی۔

قطع مراودہ کند۔ لین دین ردوبدل۔ خط کتابت۔ آمد ورفت۔ معاملہ باہمی ترک کرے یا صحبت ترک کرے۔

حرف الکاف تازی

کالسکہ کالس بروزن نالش اور کاف حسب محاورہ تصغیر کا کاف ہے جیسا مرد کو مردک اور زن کو زنک کہتے ہین - گاڑی بگہی - یہ لفظ عام طور پر بگہی کے معنی مین مستعمل ہے خواہ کسی قسم کی بگہی ہو یعنی اسم نکرہ ہے کہ بگہی کے کل انواع پر بولا جاتا ہے اور اسکا ماخذ انگریزی سے کالیش Calash ہے یعنی کالیش کو مفرس کیا ہے اور آخر مین تصغیر کا کاف زیادہ کیا گیا ہے بعض اہل زبان کالسکہ بہی کہتے ہین مگر یہ صرف تغیر لہجہ ہے -

کالسکہ سرباز - فٹن - چرٹ ایسی بگہی جسکی چہت کہلی ہو -

کالسکہ روباز ایک ٹپ کی بگہی جسکی صدر نشست پر ٹپ ہو اور سامنے کی دوسری بیٹہک کہلی ہو

کالسکہ بخار - دخانی یا ریل کی گاڑی -

کالسکہ چی - کوچبان - ڈرئیور

کارٹ - چہکڑا - بارکش - باربرداری گاڑی یہ لفظ انگریزی کارٹ Cart سے مفرس ہوا ہے - کار Car بہی اسکا ماخذ ہے

کنہ کنہ کونین - سنکونا بارک جو ایسی کونین کے درخت کی چہال کا سفوف ہوتا ہے یہ لفظ انگریزی کوئین کوئینا Quin. Quina سے مفرس ہوا ہے -

کرجی باربرداری کشتی بوجہ لادنیکی ناؤ ~~یہ لفظ انگریزی Cargo Boat~~ ~~سے لیا ہے - کیرگو کشتی کا بوجہا~~

کرجی دولتی دولت یعنی سرکاری کشتی - یا سلطنت کی باربرداری ناؤ -

کالر بروزن چادر - تہ خانہ - چہتہ یعنی پٹا ہوا دالان - لمبا دالان - یہ لفظ انگریزی سلر Cellar سے مفرس ہوا ہے -

کاتولیکی رومی کلیسیا کے مذہب کا نام ہے جسکو رومن کیتہولیک Catholic کہتے ہین یہ گروہ پوپ صاحب روم کے پیروی کرتا ہے

جسکا صدر مقام ملک اطالیا مین شہر روم ہے
اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ یا نائب
شمار کیے جاتے ہین دولت فرانس اور اطالیا
وغیرہ وغیرہ بڑی بڑی سلطنتین اور بعض چھوٹی
ریاستون کے سوا متفرق ممالک مین بھی لاکھون
آدمی اس مذہب کے ہین۔

کونسی ایک باجہ ہے جسکو مکان مین
دیوارون سے متعلق نصب کرتے ہین اور
بخارات یعنی انجن کے زور سے ہوا دیتے
ہین۔ یہ لفظ کونسرٹ انگریزی Concert سے مفرس ہوا ہے۔

کلوب شراکت کا مکان جہان چند
آدمی جمع ہوکر کھانا کہاتے ہین اور اتفاق
و اتحاد حاصل کرنے کے واسطے یہ اجتماع
و حکمت عملی نہایت مناسب ہے یہ لفظ
انگریزی کلب Club سے مفرس ہوا ہے۔

کنگرہ - کن - گرہ پنچایت کا جلسہ
جہان ہر ایک سلطنت کے وزرا وغیرہ کا بڑا
ملکی امراہم مین باہم بحث اور مشورہ کرتے ہین

یہ لفظ زبان انگریزی کانگریس Congress
سے مفرس ہوا ہی۔ اس ماخذ سے لفظ قون غرہ
عربی مین معرب ہوا ہی۔ ٹرکی سلطنت مین
یہی لفظ معرب مستعمل ہی۔

کونٹل - روک ٹوک - ممانعت
آبادی شہر کے متعلق پولیس کا قانون جیسا
ایکٹ نمبرہ بابت سنہ ۱۸۶۱ء کا منشا ہے اور
دفعہ ۳۴ - ایکٹ مذکور کے حکم سے گھوڑا
تیز دوڑانے اور ایسے افعال جس سے عام
نقصان ہو ممانعت ہے - اور یہی سپرنٹنڈنٹ
کا تمام بندوبست اور قاعدہ کونٹل ہے یہ
لفظ انگریزی کالونیل Colonial سے
مفرس ہوا ہی۔

کونٹل و احتساب
پولیس کا بندوبست اور ممانعت یا روک بندش
احتساب عملہ پولیس کی کارروائی کو کہتے ہین
اور کونٹل وہی لفظ ہے جسکی تعریف اوپر
کی گئی۔

کمانڈانٹ - سالار - افسر

حکمران فوج یہ لفظ کمینڈنٹ - Commandant سے مفرس ہوا ہے

کماندان میلتہ ملیٹری سے کا مفرس ہے یعنی محکمہ افواج - جنگی افسر - سالار لشکر جنرل کوارٹر ماسٹر - یہ لفظ کمینڈنٹ آف ملیٹری سے Commandant of Mlitiure مفرس ہوا ہے -

کہ گہاٹ بندر کا سٹیشن - سمندر کی گہاٹ کا پشتہ اور عمارت یہ لفظ انگریزی کوئی Quay سے مفرس ہوا ہے -

کابینہ - بروزن خاکینہ - دیوان خاص شیش محل خلوت کا کمرہ یہ لفظ انگریزی کیبینیٹ سے Cabinet مفرس ہوا ہے -

کمالاستیک کوئے سے یا حوض وغیرہ سے پانی نکالنے کا ربر کا پمپ یا آلہ آب کش ربر کا پمپ یہ لفظ انگریزی کم الاسٹیک سے Como Elastic مفرس ہوا ہے -

کومیدی نقل - تقلید - نقالی - سوانگ - وہ کام جو بہانڈ کرتے ہیں یہ لفظ انگریزی کا میڈی Comedy سے مفرس ہوا ہے -

کنسرل - کن سارل - باجہ ہے جسکو کونسرٹ اور کونسر کہتے ہین اسکا ماخذ کونسر کی شرح مین لکھا گیا -

کوک دبواز - جنگلی مرغ بن ہا یہ لفظ کاک ڈی بوئیس CocKdeBois کا مفرس ہے کاک مرغ - اور ڈی اضافت ہے بوئیس مضاف الیہ ہے -

کوک دبرور جنگلی مرغی - پہاڑی چکور یہ لفظ کاک ڈی بروور Cock de Burrower کا مفرس نام ہے -

کوراسیہ زرہ پوش جوان - چار آئینہ بند یہ لفظ انگریزی کوئی ریسیر Cuirassier سے مفرس ہوا ہے جسکا رسم خط یہ ہے -

کونسرٹ باجہ ہے جسکا ذکر اوپر ہوا ہے یعنی کونسر یہ لفظ کنسرٹ Concert

ہے۔
کارخانہ کرو جہاز سازی۔
انجن سازی یہ لفظ انگریزی کرو Crew
ہے۔
کموُن عوام الناس۔ عام رعایا یہ
لفظ انگریزی کامن Commune کا
مفرس ہے۔
کنسل دُ تا جنگی کونسل۔ اٹاف
میجروں کا مشورت خانہ۔ مشیران جنگی کی کونسل
یہ لفظ زبان فرنچ کونسل ڈی اٹاٹ سے
C : de Etat سے مفرس ہوا ہے
کونسل مشہور ہونیکی وجہہ سے محتاج شرح
نہین اٹاٹ افسران اسٹاف مشیران جنگی کو
کہتے ہین۔
کُلنل عہدہ ہے جسکو کرنیل کہتے ہین
اسکی اصل کالونیل ہے۔ Colonel
کیوُم بادشاہ۔ یہ لفظ کنگ King
کا مفرس ہے۔
کولوائی فرانسہ ایک قوم

یا خاندان کا لقب ہے۔
کُتل۔ گھاٹی۔ سکڑی گلی۔ ناکہ پیچدار
راستہ۔
کشتی بخار۔ دخانی جہاز۔ گنبوٹ
کشتی شراعی۔ بادی جہاز
بادبانی کشتی۔
کشیک۔ چوکی۔ پہرہ۔ روند گشت
چوکیداری۔
کشیک خانہ۔ چوکیداری کا محکمہ
حفاظت کا محکمہ۔
کشیکچی۔ چوکیدار۔ پہرہ دار۔
کوزہ گُل۔ کوزہ گلے
پھولوں کا گملہ جسمین چھوٹے چھوٹے پھولدار
درخت لگاتے ہین۔
کاشی۔ کاشان کی رنگین اور منقش
اینٹ۔ اور کاشی کاری اوس منقش اینٹ
کا کام۔ کاشی سفید کبھی غیر منقش سفید اینٹ
کا کام۔ اور مجازاً چینہ کا کام۔
کریاس ترلیبہ۔ محراب دار عالیشان

دروازہ جسکی طرفین میں میدان ہو۔

کولہ بار سربازے سپاہی کا جھولہ یا تھیلا۔ توشہ دان۔ گٹھری۔ بیگ۔

کوچہ - سڑک بڑا راستہ۔ اور تنگ راستہ کو یہیں کوچہ کہتے ہیں۔

کشیش - پادری۔

کشیش پادری۔

کاتبی عبا۔ بادہ۔ فرگل۔ لانگ کوٹ یعنی دراز دامن کا کوٹ۔

کاتبی ہای زیر سمور سمور کے استر کا دراز کوٹ۔

کج و معوج ٹیڑھا بانکا۔ پیچدار۔ بل دار۔

کبوتر چاھی جنگلی کبوتر۔

کرہ بر وزن ذرہ مکھن۔ مسکہ۔ تازہ گہی جو کچے دودہ سے نکالا جاتا ہے۔

کمہ - جھونپڑی۔ جہپر کا گہر۔

کمہ والاحق [illegible] الاحق ایسا مکان [illegible]

یا گہاس کی ٹٹیان بنا کر ڈولنسے بنایا جاتا ہے

کلاہ فرنگی - بنگلہ - چہتری ایسی عمارت جسکا گنبد گول اور ہر طرف پیچھے نکلے ہوئے انگریزی ٹوپی کی شکل پر ہوتی ہے

کسبہ مزدور لوگ۔ اہل حرفہ کاریگر۔

کوچہ باغ دو باغونکے بیچ کی راہ

کپر - چہپر - چھان۔

کپری چہپر کا مکان۔

کمپانی کمپنی - جماعت شرکا۔

کف حوض حوض کے تلی یا تہ

کوسہ، کوسج کہوسہ۔ بے داڑہی کا آدمی جسکی داڑہی میعاد عمر پر بھی نہ نکلے۔

کولاک - طوفان - سمندر کی دہوم - بڑی بڑی موجین - گرداب۔

کچل - گنجا آدمی - گنجے سر کا۔

کوہ کچل گنجا پہاڑ - جسپر درخت اور گہاس نہو۔

کلیسا گرجا - عیسائیونکی ہیکل۔

اور باڑہ بھی صبح اور شام کو کہتے ہین-

کاج صنوبر جو سدا بہار درخت ہے-

کسالت سستی- ضعف بیماری-

کلان تر- چودھری- چوکرات-

کلان تر شہر اسی سپرنٹنڈنٹ پولیس-

کلیجہ- کوٹ- درازدامن کا کوٹ زنانہ جسمین سمور کا حاشیہ لگا ہوا ہو-

کپلک پیتو- تِل چیتا-

کہربا و کاہ رُبا ایک درخت کا گوند ہے زرد شمعی رنگ جو دیکھنے مین پتھر معلوم ہوتا ہے-

کمان گروہہ یا گروہا غلیل گنونز جسمین رکھکر مٹی کا غلہ مارتے ہین- گروہہ اور گروہا دونون طرح لکھتے ہین-

کالسکہ اسپی گھوڑے کی گاڑی-

کوشک دیوانخانہ- صدر دالان- شاہ نشین-

کوہ طبیعی قدرتی پہاڑ-

کریہ المنظر بدنما- بدصورت

کر کانون سے بہرا-

کمانچہ دوتارا- سارنگی-

کماھو حقہٗ جیسا چاہئے جیسا اوسکا حق ہے-

کم جُثّہ دُبلا- لاغر- منحنی-

کارگر- کاریگر- مزدور- صنّاع

کفتار چرخ ہنڈار ایک چوپایہ مُردار خوار حیوان ہے قد مین کتے کی برابر ہوتا ہے اور مُردے کو قبر سے نکالکر کھاجاتا ہے- اور مُردار کی خشک ہڈیان چباتا ہے-

کرباس ٹاٹ- سن کا کپڑا- کرمز

کساد کھوٹاپن- بیقدر-

کرمانی کرمان کا باشندہ یا کرمان کا-

کلاہ خود خود- لوہے کی ٹوپی

کم جریان کم بہتا ہوا- سست چال

کُرد- ایک قوم صحرانشین ہے-

کُردستان کُردونکا ملک یا مسکن

کنگرلو ایک قوم ہے۔

کفل چوتڑ۔ پُٹّھا۔

کرہ گولا۔ زمین کا تمام جسم۔

کحالی آنکھونکا علاج۔ آنکھون کے متعلق طب۔

کفش جوتا۔ موزہ۔ بوٹ۔

کشکول درویشی کچکول فقیرونکا کشتا۔

کالسکہ چاپاری ڈاک کی گاڑی

کشتی زرہ پوش لوہا منڈہی ہوئی کشتی۔

کارگزاشتن لگانا۔ قایم یا نصب کرنا۔

کسل نیند کا ماتا۔ کاہل۔ سست آدمی

محاورات وعبارتہای شرح طلب

کروی آنرا مثل مشمع چیزے میگیرند اوسکے اوپر تار چربی یا موم وغیرہ کی مثل ایک چیز لیپ کردیتے ہین یعنی اوپر موم جامہ کردیتے ہین۔

کار کردن وپے کار رفتن کام کرنا اور کام کی تلاش یا جستجو کرنا۔

کم ماندہ بود بجوزد کم رہگیا تھا کہ ٹکرا جائے۔

کار میگزارند جگہ پر لگاتے ہین یا نصب کرتے ہین۔

کمانچہ میکشند سارنگی یا دوتارا بجاتے ہین۔

کوہ کوہ ریختہ بود ڈھیر کے ڈھیر پڑے تھے۔

کمپانی شدہ کمپنی بنکر جماعت شرکا قایم ہوکر۔

کبوتر بازہوا میکنند کبوتر باز اوڑاتے ہین۔

کار می شود لگتا ہے۔ نصب ہوتا ہے

یہ لفظ یعنی کارگزاشتن یا کار شدن اینٹ پتھر چونہ وغیرہ لگانے اور پتھر جوڑنے اور چنائی مین لگانے کی نسبت بولا جاتا ہے۔

کوہ خالی و لگیر بود - مٹی کا بہیانک پہاڑ تھا یا وحشت ناک بے رونق تہا -

کونسرٹ مسپد شہد کونسر جاتے ہین یا کونسرٹ کا جلسہ کرتے ہین -

حرف الکاف فارسی

گاز بروزن فاز - ایک غیر مرئی مادہ، جو نفط یا مٹی کے تیل سے بنایا جاتا ہے اور مثل ہوا کے سیال نامرئی ہے بدبودار - غالبا بسیط ہوتا ہے - بمبئی کلکتہ وغیرہ ہندوستان اور یورپ مین بالعموم اس سے چراغ روشن کئے جاتے ہین - یہ لفظ انگریزی گاس یا گیس Gas سے مفرس ہوا ہے -

گار بروزن خار - اسٹیشن - سرحد کا مکان ریل کی سڑک کی اختتام کی جگہ یہ لفظ انگریزی سے گرٹ Garret کا مفرس ہوا ہے

گاردان باغ - انگریزی گارڈن Garden مین ایک الف بڑہا دیا ہے

گوتہک قدیمی طرز کی معماری - پرانی طرز کی عمارت کا دروازہ یہ لفظ انگریزی کا تہیک Gothic کا مفرس ہے -

گالیون گار اسٹیشن ریل کا اور لیون لائن Lane کا مفرس ہے یعنی لین کا اسٹیشن

گودی جہاز بنانیکی جگہ - جہاز کو کنارے پہ ٹہیرانیکی جگہ - گودی کی یہ شکل ہوتی ہے کہ دریا کے کنارے پر ایک بہت بڑا حوض پختہ تالاب کی شکل بناتے ہین اور دریا کی طرف کو اپنی آمد و رفت کیواسطے ایک راستہ بنا کر اوس مین تختہ یا کواڑ کہولنے بند کرنے کو لگاتے ہین کہ جب چاہین پانی کم یا زیادہ کرسکین اوسی راستے جہاز گودی مین داخل ہوتے ہین اور کنارے سے ملجاتے ہین کہ اسباب بآسانی اوترسکے - اور اسی قسم کی گودی مین مرمت ہوتی ہے -

گل ورٹ جنگلی درخت کا پہول جو گانٹون دار ہوتا ہے - اور بڑے بڑے پہول اسکے جیسے کہ انٹے ہوتے تہین

گلڈ وٹ پہاڑ کی گہاس ہے اور جو کس

چوٹی پر جو کسیقدر مسطح جگہ مقام کرنے کے قابل ہوتی ہے اوسکو گدوک کہتے ہین اور گھاٹی کو بھی

گردنہ پہاڑ کی گھاٹی پیچدار اور تنگ راستہ جو پہاڑ کے اوپر جاتا ہو۔

گمرک محصول اجناس تجارت چنگی کا محکمہ

لون۔ ڈیوٹی۔

گوش ماہے گھونگا۔ سنکھ۔

گزمہ۔ روند۔ گشت۔ چوکیدار

محافظ۔

گزمہ باشی۔ کوتوال۔ تہانہ دار

پولیس کا افسر۔

گلولہ بازی انٹا کھیلنا۔ ربہیرڈ

انجن کا کھیل۔

گود زورخانہ پہلوانونکا اکہاڑہ

کشتی لڑنے اور کثرت کرنے کی جگہ۔

گچ بری چونہ تراش کر نقش بنانا۔

گنبد کاشی چونہ یا منقش اینٹ

کا گنبد۔

گرو بندے کیاریان بنانا۔

گرم خانہ حمام حمام کا گرم درجہ۔

گیوہ سوت سے بنے ہوئے جوتی جسکے نیچے پاتابہ میں چمڑا لگا تے ہین۔

گل آفتاب گردان سورج مکہی کا پہول

گرماک چھوٹی قسم کا خربزہ جسکو طالبی کہتے ہین یہی چتلا۔ جیسا لکھنؤ کا ہوتا ہے۔

گردو۔ اخروٹ۔

گرم خانہ پٹا ہوا باغ۔ سرپوشیدہ باغ ایسا باغ جسکے اوپر چھت ہو اور یہ اسواسطے بناتے ہین کہ سرد ملک مین گرم ولایت کے درخت برف اور سردی سے محفوظ رہین۔

گیلاس ایک میوہ ہے جسکی شبیہ الفیر اس ملک مین گوندنی ہے۔

گل بنپرک خطمی۔ گل خیرو۔ یا خیری کا پھول۔

گنبد ہرمان مصری چہہل مثلث نما مینار جسکو اہرام مصری۔ اور اہرمان مصر۔ اور ہرمس الہرامسہ کہتے ہین۔

گوچو۔ گوجو۔ اور گوجہ۔ رہرکو

کہتے ہین یہ مادہ ایک درخت کا شیرہ ہے ہندوستان
کے مشرقی دریائے شور کی اکثر جزائر مثل انڈمان یا
کالا پانی اور جزیرہ سراوک وغیرہ مقامات مین
پیدا ہوتا ہے اسکو درخت کا دو تین چالیس گز
تک اور بڑ کی شکل پھیلتا ہے۔ نرم باریک شاخ
کو نوک کے قریب سے کاٹ کر اوس کو ایک بانس کے
نلکہ مین پرو کر باندھ دیتے ہین رات مین وہ نلوہ
دودھ سے بھر جاتا ہے پھر اوسکو کڑھائی مین پکا
یا پگھلا کر ٹکیہ بنا لیتے ہین اسکی بہت بڑی تجارت
ہوتی ہے۔ اور یورپ مین جا کر ہزار ہا چیزین
بنتی ہین۔

گیج پریشان۔ نیند کا ماتا۔ کند۔ اونگھتا۔

گرگدن گینڈا۔

گل و بوٹہ پھول بوٹا۔ پھول اور درخت

گل مورد درخت آس کا پھول۔
ریحان چمن۔

کانٹ گورو گیدڑ کی برابر ایک جانور ہے
جسکے اگلے پانو چھوٹے اور پچھلے بڑے ہوتے ہین
اور کنگارو کہلاتا ہے۔ اسٹریلیا مین پیدا ہوتا ہے

گل سریش سریش ایک درخت کا نام ہے
جسکو سندھی مین توسہہ کہتے ہین اور بہت خوشرنگ
سرخ پھول ہوتا ہے اس کو انگریزی مین اسفوڈلز ڈمسکنس
Asphodelvs damascenus
کہتے ہین۔

گرجی گرجستان یا جارجیا کا باشندہ۔

گوراسپ گدہے اور گھوڑے کے
درمیان ایک چوپایہ حیوان ہے جسکو زبرہ یا زیبرا
کہتے ہین۔

گود گڑھا۔ نشیب۔ گہراؤ۔ گودی
بھی کہتے ہین۔

گل زرد و سرخ دونون رنگ
کے گلاب سے مراد ہے۔

گوارا مقبول۔ من مانتا۔ قابل استعمال
جسکو دل قبول کرے۔

گرگان رودی گرگان ملک کا
باشندہ۔

گچ چونہ جو قدرتی کان سے نکلتا ہے۔

گل کیچڑ۔ زمین کی تری۔

گمرک خانہ محصول اجناس کی چوکی
چنگی کا مکان۔

گلدوزی ایسا کپڑا جسکی بناوٹ
مین پہول ہون اور کپڑے سے کے پہول پتی کتر کر
ٹانکنا۔

گلّہ گلّہ ریوڑ کی ریوڑ یعنی بہت اور متعدد
بیشمار۔ حیوانات۔ یا مویشی۔

گلولہ۔ گولہ۔ انٹا۔

گونہ گال رخسار۔ کان سے تا بہ ٹہوڑی

گردش گاہ۔ سیرگاہ۔

گلکاری۔ پہلواری۔ پہول بونا۔

گاریل وطبل تصویر خانہ
تصویر کے پردے لٹکانیکی جگہ یہ لفظ انگریزی
گیلری اف ٹیبل Gallry of tabel
کا مفرس ہی۔

گردن بند۔ جگنو۔ چمپاکلی۔
دہکدہکی۔

گو۔ گنبد۔

گوبلن شہر گوبلن ملک فرانسہ کا منقش
بنا ہوا پردہ۔

گزاف بہت زیادہ۔

گاری دا پولن ربالنوع حسن
یعنی اپولن دیوتا کا دالان۔ یہ لفظ انگریزی گیلری
ڈی اپولو Galerie de Apollo
سے مفرس ہوا ہی۔

گارے۔ دالان۔ چہتہ۔ جائی نشست

گوسالہ گائے کا بچہڑا۔

گوریل بندر کی قسم سے ہے اسکا نام
انگریزی مین گوریلا ہی۔ Gorilla

گوک سو۔ نیلا پانی آب کبود۔ سو ترکی
مین پانی کو اور گیوک کبود کو کہتے ہین

گلاس۔ شیشہ۔ پانی پینے کا گلاس

گوک چاء۔ نیلی ندی۔ ترکی لفظ
یعنی گیوک نیلا رنگ اور چاء۔ ندی۔

گرمسیر۔ گرم ملک۔ گرم زمین جہان
برف نہ پڑتی ہو۔

گیرشدن گرفتار ہوجانا۔ پکڑا جانا
اٹک کر رہ جانا۔

گیر کردن - پکڑ لینا - گرفتار کرنا - یا قید کرنا -

گیر افتادن - پکڑا جانا - گرفتار ہونا - ہاتھ لگ جانا -

گلی - تر - کیچڑ کیچگہ - بھیگی ہوئی زمین -

گوه داغ - نیلا پہاڑ -

گله بان - گوال - چرواہا -

گل مخمل ایک قسم کا رویئن دار سرخ پھول ہے -

گلوله ریزے گولیاں اور گولی ڈھالنا -

گران اوپرا بڑا تماشا خانہ یہ لفظ گرینڈ اوپیرا سے مفرس ہوا ہے - گرینڈ بڑا اور اوپیرا عرف الف میں لکھا گیا -

محاورات وعبارتہاے شرح طلب

گل شده بود کیچڑ ہو گئی تھی -

گیج خورده - دماغ پریشان ہو کر - سر چکرا کر

گوشش سنگین است اوسکے کان بھرے ہیں -

گیر کرده بود - اٹک گیا تھا - پکڑا گیا تھا -

گل سازی پھول بنانے کی صنعت -

گوش میدادند سنتے تھے -

گلوله ہای عجیب ہوا می انداخت عجیب طرح سے گولی اوچھالتا تھا

گرد کرده - گول بنا کر - یا گول کر کے -

گونہاش ریش دارد گال یا اوسکو رخسار و نیز ڈاڑہی ہے یعنی یہ ہیں سے منڈی ہوئی اوہر اودہر ڈاڑہی -

گل بدی بود بری کیچڑ یا دلدل تھی

گودی افتاده نشیب واقع ہوا ہے - یا گڑھے ہیں ہر -

گوشتہا را دمی عراده گذاشته گوشت یا گوشتوںکو گاڑی (ریہلہ) پیر رکھکر بطور تخفیف گوشت کو گوش کہتے ہیں اور گوشتہا یعنی جمع صیغہ سے بولنا یہ مراد ہے کہ بوٹیاں اور ...

حرف اللام

لنتر بر وزن عنبر - فانوس - قندیل

لالٹین یہ لفظ انگریزی لین ٹرن
Lantern سے مفرس ہوا ہے -

لَنڑ - درجہ - منزل - ڈبا - بکس یعنی نشست
کا بکس یا ڈبا - ڈیوڑھی یہ لفظ انگریزی لوج
Lodge سے مفرس ہوا ہے -

لُوڈ - لڑ - اور لوڑ - ایک ہی نام ہے
یعنی درجہ -

لوکو موٹیو - لوکو - مو - ٹِو
یعنی ریل کا انجن یہ نام انگریزی - لوکو ماٹیو -
Locomotive سے مفرس ہوا ہے -

لابراٹوآر - کارخانہ - کاریگری کی جگہ
کیمیا گری یعنی کیمسٹری یا علم تحقیق عناصر کا
کارخانہ - کارگاہ یہ انگریزی لیبوریٹوری -
Laboratory کا مفرس ہے -

لابراتو - لابراتوآر - اور یہ ایک لفظ
اور ایک معنی میں ہے -

لیوتنان - نائب ایک عہدہ ہے
جسکو لفٹنٹ کہتے ہیں یہ لفظ انگریزی لیوٹی نَنٹ
Lieutenant سے مفرس ہوا ہے

لامپ - شمع - چراغ - مشہور لفظ لیمپ
Lamp کو مفرس کیا ہے -

لیون - سڑک - راست - خط - لکیر - سطر
یہ لفظ انگریزی لائین سے مفرس ہوا ہے Line

لولۂ کم الاستیک - ربر کی نے
چکر کھانے والی یا کھینچنے والی ربر کی نے - لولہ
ہی - نے اور ٹونٹی کو کہتے ہیں - اور الاستیک
ربر کو کم الاستیک گردش کنندہ جاذب کھینچنے والا
یہ لفظ انگریزی کم الاستیک سے Come Elostic

لژیون دِلوز - سلطنت کا نشان اعزاز
یہ لفظ اصل میں لیگیون ڈی آنر ہے -
Legion de Honour

لونشان - میدان مشق - قواعد پریڈ کی جگہ
یہ لفظ لانگ چمپ Long champ زبان
فرانس سے لیا ہے -

لگزی - ایک قوم کا نام ہے جسکا رسم خط
انگریزی میں Lesghians یہ ہے -

لھنگرے - لوہا - تانبا وغیرہ کے ظروف
وآلات ڈھالنے کی صنعت - ڈھلیہ کا کام

لپتنگیہ - ڈہلیا -

پلّہ پٹ - کواڑ کا پٹ - گٹھری - یکطرفی

یہ لفظ سخت کے عدد اور گٹھریون کے شمار وغیرہ نصف

پر آتا ہے مثلاً ایک پلّہ در یعنی کواڑ کا ایک پٹ

اور پلّہ بار یعنی ایک طرف کا نصف حصہ بوجھہ کا

لُولہ - ٹونٹی - نے - بتی -

لانہ بھڑ و ننھا یا شہد کی مکھیونکا چھتا - آشیانہ

گھونسلا -

لاک پُشت کچھوا - سنگ پشت

پاتل -

لَلہ کم درجہ کا اتالیق بچونکو تربیت کرنیوالا

نوکر - بچونکو کھلانیوالا مرد یا عورت -

لَلہ باشی اتالیق مگر کم عمر بچونکا

لَبہ چھت کی منڈیر - چھجا - کنارہ کنگنی

